**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 27.06.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | ترقی کے لیے بلوچستان میں ٹیکنیکل یونیورسٹی کا قیام قابل عمل حل ہے، گورنر۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | فرائض میں غفلت برتنے والوں کو برطرف ان کی جگہ نئے لوگ بھرتی کیے جائیں، سرفراز بگٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | شنگھائی تعاون تنظیم کی بلوچستان میں دہشتگردی کی مذمت بھارتی وزیر دفاع کا مشترکہ اعلامیہ پر دستخط سے انکار۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | منشیات ایک سنگین سماجی مسئلہ نوجوان نسل کو تباہ کر دیتا ہے، شعیب نوشیروانی۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | حکومت نے تفرقات سے بالاتر ہو کر صوبائی بجٹ بنایا، ظہور بلیدی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | عوام کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، بخت محمد کاکڑ۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | اولین حکومتی ترجیح ماحولیاتی تحفظ اور سائنسی ترقی ہے، خالد حسین مگسی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | سیکرٹری ٹرانسپورٹ کی زیر صدارت اجلاس کوچز کے خفیہ خانوں میں اسمگلنگ کے متعلق گفتگو۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | پولیس اور عوام کی درمیان اعتماد کی بحالی بہتر پولیسنگ سے ہی ممکن ہے، معظم جاہ انصاری۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | بلوچستان اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت تک ملتوی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | محرم الحرام میں 24 امام بارگاہ انتہائی احساس 30 حساس قرار۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | گوادر فش انڈسٹری کو فروغ دینا ترجیحات میں شامل ہے، نورالحق بلوچ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | سرکاری ملازمین کی گرفتاری اور جیل منتقلی باعث تشویش ہے، ڈاکٹر مالک۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | امن وامان برقرار رکھنے کے لئے علماء کرام اپنا کردار ادا کریں، قاری مہراللہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | عوامی مسائل کا حل اولی ترجیح ہے، حاجی علی مدد جتک۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | محرم الحرام صبر وتحمل کا درس اور امام حسین کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | نوجوانوں کا منشیات کے گرداب میں پھنسنا تشویش ناک ہے جمال رئیسانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | تربت ابدوئی بارڈر بندش کے خلاف سی پیک روٹ پر احتجاج۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | گرینڈ الائنس کا عدالت جانے اور اسلام آباد تک لانگ مارچ کا اعلان۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

استہ محمد مسلح افراد کی فائرنگ قبائلی رہنما قتل، چمن بدنام زمانہ ڈاکو گرفتار، صحافی کے بھیس میں سمگلر گرفتار ڈ 250 کلو چرس برآمد، تمپ مسلح افراد نے عملے کو باہر نکال کر نادرا فس کو آگ لگادی، ڈھاڈر اور ڈیرا مراد میں دھماکے دو سیکورٹی اہلکار زخمی مستونگ میں 8 ٹرکوں پر فائرنگ۔

## عوامی مسائل:

جنا ٹاؤن میں پانی کی قلت برقرار مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا، قلات ہسپتال کا سولر سسٹم ناکارہ ضروری ادویات وسامان بھی ناپید، بیلا بجلی کی طویل بندش کا اعلامیہ بیلا کراس پر احتجاجا قومی شہرا بلاک۔

CS CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 27.06.2025

**اداریہ:**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**بلوچستان اسمبلی نے آئندہ مالی سال کا بجٹ منظور کر لیا، صوبائی حکومت کے ترقیاتی اہداف سے مستقبل میں مسائل میں کمی کی توقع!**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان اسمبلی نے آئندہ مالی سال 26-2025 کے بجٹ کی منظوری دے دی۔ اسمبلی نے 896ارب 47 کروڑ 46لاکھ روپے سے زائد کے 94 مطالبات زر منظور کر لیے، بجٹ پر بحث سمیٹتے ہوئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بجٹ میں شامل اہم منصوبوں کا اعلان کیا۔ اسپیکر عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت بلوچستان اسمبلی کے بجٹ اجلاس میں صوبائی وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی نے نئے مالی سال کے بجٹ کے لیے مجموعی طور پر 94 مطالبات زر پیش کیے۔ ایوان نے غیر ترقیاتی اخراجات کے لیے 660ارب 83 کروڑ 43لاکھ روپے، جبکہ ترقیاتی اخراجات کے لیے 289ارب 64 کروڑ روپے کے مطالبات زر کی منظوری دی۔ اپوزیشن اراکین نے مطالبات زر میں کٹوتی کی 11 تحریکیں پیش کیں جو رائے شماری کے ذریعے مسترد کر دی گئیں۔ بجٹ پر بحث سمیٹتے ہوئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بتایا کہ رواں مالی سال کے دوران 16 ہزار بھرتیاں کی گئیں، 3200 بند اسکولوں کو دوبارہ فعال کیا گیا، جبکہ ترقیاتی بجٹ کا 100 فیصد استعمال کیا گیا۔ آئندہ مالی سال کے دوران صوبے کے 10 شہروں میں سیف سٹی پروجیکٹ، چاغی میں انڈسٹریل اسٹیٹ کا قیام، کوئٹہ کے شہریوں کے لیے پیپلز ٹرین سروس اور ایک ماہ کے اندر پیپلز ایئر ایمبولینس شروع کرنے کا اعلان بھی کیا گیا۔ اسمبلی اجلاس میں بلوچستان میں امن وامان کی بحالی کے لیے وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی نے سی ٹی ڈی کو مضبوط بنانے کی غرض سے 20 ارب روپے مختص کرنے، صوبے کے 100 تھانوں کی از سر نو تعمیر کر کے انہیں قلعہ نما بنانے اور دہشت گردی کے واقعات میں شہید ہونے والے سرکاری و سول شہداء کے لواحقین کے لیے امدادی رقم میں اضافے کا اعلان کیا۔ بہر حال بلوچستان کا بجٹ دیگر صوبوں کی نسبت کم ہے بلوچستان کے محاصل میں اضافے سے مستقبل میں صوبہ اپنے بجٹ سے میگا منصوبوں کا آغاز کرنے سمیت مالی وانتظامی امور میں خاطر خواہ تبدیلی لاسکتی ہے۔ عوام کے بنیادی مسائل حل، روزگار کے وسیع مواقع، ملازمین کو ریلیف سمیت دیگر اقدامات اٹھائے جاسکیں گے۔ بلوچستان کے مسائل بہت زیادہ ہیں جن سے انکار نہیں کیا جاسکتا مگر یہ چند ماہ کے دوران حل نہیں ہو سکتے اس کیلئے لانگ ٹرم پالیسی کی ضرورت ہے جس میں معاشی ترقی، انفراسٹرکچر پر خصوصی توجہ ناگزیر ہے۔ بلوچستان کے وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے ترقیاتی اہداف کا حصول ممکن ہوگا مختلف شعبوں میں بیرونی اور حکومتی سرمایہ کاری بہت ضروری ہے تاکہ صوبے کو درپیش مشکلات سے نکالا جاسکے۔ حالیہ بجٹ میں جو اہداف مقرر کئے گئے ہیں اس سے صوبے میں ترقی سمیت عوامی مشکلات میں کمی آنے کے قوی امکانات ہیں۔

**اداریے:**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "ترقی کا سفر دیرینہ عوامی مسائل اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کا دوٹوک عزم" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "2 ماہ میں وزراء اپنے محکموں میں خالی آسامیوں پر بھرتیاں کریں" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "A blazing scourage" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضمون:**

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے "بلوچستان بجٹ 26-2025 سرفراز بگٹی کی قیادت میں ایک نیا سفر امیدوں کا نیا افق" کے عنوان سے شیخ عبدالرزاق نے مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 27 JUN 2025 Page No. 1

## جدید مہارت کے بغیر تعلیم نامکمل، ٹیکنیکل یونیورسٹی کا قیام ناگزیر، گورنر مندوخیل

**تمام ٹیکنیکل اور ووکیشنل اداروں کو ایک پولی ٹیکنیک یونیورسٹی کے تحت لانا ایک قابل عمل حل ہوسکتا ہے، بات چیت**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ جدید مہارت کے بغیر تعلیم نامکمل ہے وقت آپہنچا ہے کہ ہم اپنے صوبے میں ایک ٹیکنیکل یونیورسٹی کے قیام کو زیادہ ترجیح دیں کیونکہ صوبے میں تمام ٹیکنیکل اور ووکیشنل اداروں کو ایک پولی ٹیکنیک یونیورسٹی کے تحت لانا ایک قابل عمل حل ہوسکتا ہے. اکیڈمیہ اور صنعت کے درمیان مضبوط تعاون پیدا کر کے ملازمت کے قابل گریجویٹس پیدا کیے جا سکتے ہیں اور تمام فنی و ٹیکنیکل اداروں کو ایک مضبوط فنی تعلیم کا نظام تشکیل دے سکتا ہے جو معاشی ترقی اور خوشحالی کو آگے بڑھاتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج پولی ٹیکنیک کالج کے پروفیسرز اینڈ لیکچرز پر مشتمل وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا. اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ یہ زمانہ ٹیکنیکل مہارت کا ہے لیکن بدبختانہ پولی ٹیکنیک کالج کو ابھی بھی بہت کچھ کرنا باقی ہے. صوبے ٹیکنیکل اور پیشہ ورانہ تربیت کی طاقت کو بروئے کار لا کر ہم بآسانی بے روزگاری پر قابو پا سکتے ہیں. اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ ہمارے طلبا جاب مارکیٹ کی طرف سے مطلوبہ مہارتوں سے لیس ہوں۔ گورنر مندوخیل نے اس بات پر زور دیا کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں موجود پولی ٹیکنیک کالجوں کو سنٹر آف ایکسی لینس بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات کریں اور انہیں تمام ضروری سہولت دیں، یہ ہمارے طلباء کو ملازمت کی منڈی میں کامیاب ہونے اور معاشی ترقی کو آگے بڑھانے کے لیے بااختیار بنائے گا۔



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی مولانا سید عبدالخبیر آزاد ملاقات کر رہے ہیں



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

## ترقی کیلئے بلوچستان میں ٹیکنیکل یونیورسٹی کا قیام قابل عمل حل ہے، گورنر

**یہ زمانہ ٹیکنیکل مہارت کا ہے، بلوچستان میں تمام ٹیکنیکل اور ووکیشنل ادارے نوجوانوں کو ہنر مند بنائیں**

**کوئٹہ میں موجود پولی ٹیکنیک کالجوں کو سینٹر آف ایکسی لینس بنانے کیلئے اقدامات کریں، جعفر خان مندوخیل**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ جدید مہارت کے بغیر تعلیم نامکمل ہے وقت آپہنچا ہے کہ ہم اپنے صوبے میں ایک ٹیکنیکل یونیورسٹی کے قیام کو زیادہ ترجیح دیں کیونکہ صوبے میں تمام ٹیکنیکل اور ووکیشنل اداروں کو ایک پولی ٹیکنیکل یونیورسٹی کے تحت لانا ایک قابل عمل حل ہو سکتا ہے. اکیڈمیہ اور صنعت کے درمیان مضبوط تعاون پیدا کر کے ملازمت کے قابل گریجویٹس پیدا کیے جا سکتے ہیں اور تمام فنی و ٹیکنیکل اداروں کو ایک مضبوط فنی تعلیم کا نظام تشکیل دے سکتا ہے جو معاشی ترقی اور خوشحالی کو آگے بڑھاتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں.........

بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

نے آج پولی ٹیکنیک کالج کے پروفیسرز اینڈ لیکچرز پر مشتمل وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا. اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ یہ زمانہ ٹیکنیکل مہارت کا ہے لیکن بدبختانہ پولی ٹیکنیک کالج کو ابھی بھی بہت کچھ کرنا باقی ہے. صوبے ٹیکنیکل اور پیشہ ورانہ تربیت کی طاقت کو بروئے کار لا کر ہم بآسانی بیروزگاری پر قابو پا سکتے ہیں. اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ ہمارے طلبا جاب مارکیٹ کی طرف سے مطلوبہ مہارتوں سے لیس ہوں۔ گورنر مندوخیل نے اس بات پر زور دیا کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں موجود پولی ٹیکنیک کالجوں کو سنٹر آف ایکسی لینس بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات کریں اور انہیں تمام ضروری سہولت دیں، یہ ہمارے طلباء کو ملازمت کی منڈی میں کامیاب ہونے اور معاشی ترقی کو آگے بڑھانے کے لیے بااختیار بنائے گا



گورنر جعفر خان مندوخیل سے چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان مولانا عبدالخبیر آزاد ملاقات کر رہے ہیں



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے جسٹس (ر) شکیل بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner



شکریہ وزیر اعلیٰ بلوچستان
میر شعیب نوشیروانی
وزیر خزانہ بلوچستان
نوابزادہ بابا امیر حمزہ زہری
مشیر برائے بلدیات بلوچستان
سردار نور احمد بنگلزئی
مرکزی رہنما پاکستان پیپلز پارٹی
ہم وزیر اعلیٰ بلوچستان کی جانب سے عوام دوست اور متوازن بجٹ خصوصاً لوکل گورنمنٹ کو ترقیاتی مد میں 12.9 ارب روپے اور غیر ترقیاتی مد میں 42 ارب روپے مختص کرنے پر منتخب بلدیاتی نمائندوں کی جانب سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔
منجانب
ڈاکٹر فیصل منان بادینزئی
چیئرمین میونسپل کمیٹی ضلع مستونگ


CamScanner

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 1

Dated: 27 JUN 2025 Page No. 3




CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 30 روپے

جلد 54 | جمعۃ المبارک یکم محرم الحرام 1447ھ 27 جون 2025ء | نمبر 174

Bullet No. 1

Page No. 4


# فرائض میں غفلت برتنے والوں کو برطرف، ان کی جگہ نئے لوگ بھرتی کیے جائیں

سرفراز بگٹی

## ڈیوٹی سے مسلسل غیر حاضری یا کام میں لاپروائی کی صورت میں تنخواہ یا مراعات قومی خزانے سے ادا نہیں کی جائیں گی

## ان تنظیموں نے بلاجواز ہڑتالیں اور دفاتر کی تالابندی کر کے ماضی کی حکومتوں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے بھر کے تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی غیر حاضری اور فرائض کی انجام دہی میں غفلت پر سخت نوٹس لیتے ہوئے واضح ہدایات جاری کی ہیں کہ سرکاری ملازمین بالخصوص اساتذہ کی جانب سے ڈیوٹی سے مسلسل غیر حاضری یا کام میں لاپرواہی کی صورت میں کسی بھی قسم کی تنخواہ یا مراعات قومی خزانے سے ادا نہیں کی جائیں گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے محکمہ تعلیم کے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ ایسے تمام اساتذہ اور دیگر اداروں کے ملازمین کی تفصیلات فوری طور پر طلب کی جائیں جو اپنے فرائض سے غفلت برت رہے ہیں یا بغیر کسی اطلاع کے مسلسل غیر حاضر ہیں۔ ان ملازمین کو ضابطے کے مطابق ایک ہفتے کے اندر شوکاز نوٹس جاری کیے جائیں، اور اگر وہ تسلی بخش جواب نہ دے سکیں تو انہیں فارغ کر کے ان کی جگہ خالی آسامیوں پر نئے اہل امیدواروں کو کنٹریکٹ کی بنیاد پر بھرتی کیا جائے انہوں نے سابقہ ادوار کے حکومتی فیصلوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ محکمہ تعلیم، محکمہ صحت اور دیگر لازمی سروسز کے اداروں میں کسی بھی ملازم تنظیم اور ایسوسی ایشن کو تالہ بندی اور ہڑتال کرنے کی اجازت ہرگز نہیں ماضی میں ہم ترقی کی جس دوڑ میں پیچھے رہے ہیں اس میں ان جیسی تنظیموں کی بلاجواز ہڑتالیں اور اداروں و دفاتر کی تالہ بندی نے حکومتوں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت تعلیم کے فروغ کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، تاہم اگر سرکاری ملازمین اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں سرانجام نہیں کریں گے تو ان کے ساتھ کوئی نرمی نہیں برتی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے افسران کو تاکید کی کہ وہ فیلڈ وزٹ کر کے حاضری کو یقینی بنائیں اور کارکردگی کی مسلسل مانیٹرنگ کریں۔

# عالمی طاقتیں بلوچستان میں بھارتی کردار کا سنجیدگی سے نوٹس لیں، سرفراز بگٹی

## شنگھائی تعاون تنظیم میں پاکستان نے ٹھوس شواہد پیش کر کے بڑی سفارتی کامیابی حاصل کی، ٹویٹ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کے حالیہ اجلاس میں پاکستان نے ایک اور بڑی سفارتی کامیابی حاصل کی ہے، جہاں بھارت کی جانب سے پہلگام کو پاکستان سے جوڑنے کی کوشش ناکام ہوگئی اس اجلاس میں پاکستان نے بلوچستان میں بھارتی مداخلت کے ٹھوس اور ناقابل تردید شواہد پیش کیے، جنہوں نے عالمی برادری کی توجہ اس اہم مسئلے کی جانب مبذول کرائی سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ پاکستان نے طویل عرصے سے دنیا کو آگاہ کیا ہے کہ بھارت بلوچستان میں بدامنی، دہشت گردی اور شورش کو ہوا دے کر خطے کے امن کو سبوتاژ کر رہا ہے اب ہمارے پاس ایسے شواہد موجود ہیں جو صرف الزامات نہیں بلکہ ٹھوس حقائق پر مبنی ہیں اور عالمی برادری کو جھنجھوڑنے کے لیے کافی ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان ہر اس بین الاقوامی فورم پر یہ شواہد پیش کرنے کے لیے تیار ہے جو سچائی اور انصاف کی قدر کرتا ہے ہم چاہتے ہیں کہ عالمی طاقتیں بلوچستان میں بھارتی کردار کا سنجیدگی سے نوٹس لیں اور امن کے قیام میں پاکستان کا ساتھ دیں۔

CamScanner

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | جمعہ یکم محرم الحرام 1447ھ 27 جون 2025ء، صفحات 08 | شمارہ 358

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے


# اساتذہ اور ملازمین کی غیر حاضری پر تنخواہیں ادا نہیں کی جائیں گی

سرفراز بگٹی

**تمام سرکاری محکمے گرینڈ الائنس کی ہڑتال کے تناظر میں ماتحت ملازمین کو جائے تعیناتی پر حاضر ہونے کی ہدایت کریں**

**صوبے میں جو عناصر غیر قانونی طریقے سے سسٹم کو مفلوج کرنے کی کوشش کریں گے ان کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا**

**غیر حاضر ملازمین کی تنخواہیں روک دی جائیں گی اور ان کی تفصیلات محکمہ خزانہ کو فراہم کی جائیں گی، وزیراعلیٰ کی افسران کو ہدایت**

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات پر صوبائی حکومت نے تمام سرکاری محکموں کو سختی سے آگاہ کردیا ہے کہ وہ گرینڈ الائنس کی جانب سے جاری ہڑتال کے تناظر میں اپنے ماتحت تمام ملازمین کو فوراً اپنی جائے تعیناتی پر حاضر ہونے کی ہدایت......

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

کریں۔ اعلامیہ میں واضح کیا گیا ہے کہ کسی کو بھی تعلیمی سرگرمیاں معطل کرنے یا کسی بھی قسم کے سرکاری امور میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ حکومت بلوچستان نے خبردار کیا ہے کہ جو سرکاری ملازم گرینڈ الائنس کی ہڑتال کی آڑ میں اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر پایا گیا، اس کے خلاف کارسرکار میں مداخلت اور حکومتی ضوابط کی خلاف ورزی کے تحت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ ایسے کسی بھی اقدام کو ناقابلِ معافی جرم تصور کیا جائے گا۔ صوبائی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ سرکاری خزانے سے صرف ان ملازمین کو تنخواہیں جاری کی جائیں گی جو باقاعدہ اپنی ڈیوٹی پر موجود ہوں گے۔ غیر حاضر ملازمین کی تنخواہیں روک دی جائیں گی اور ان کی تفصیلات محکمہ خزانہ کو فراہم کی جائیں گی۔ مزید برآں، حکومت بلوچستان نے کنٹریکٹ پالیسی پر سختی سے عملدرآمد شروع کر دیا ہے۔ جو اساتذہ یا دیگر سرکاری ملازمین اپنی ڈیوٹی پر حاضر نہیں ہو رہے، انہیں فارغ کر کے نئے اہل افراد کی بھرتی کا عمل شروع کیا جا رہا ہے تاکہ عوامی خدمات متاثر نہ ہوں۔ تمام ڈرائنگ اینڈ ڈسبرسنگ آفیسرز (DDOs) کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اپنے زیرِ نگرانی ملازمین کی حاضری یقینی بنائیں اور تمام غیر حاضر اہلکاروں کی فہرست فوری طور پر وزیراعلیٰ سیکریٹریٹ کو ارسال کریں۔ حکومت کا کہنا ہے کہ عوامی خدمات کے نظام کو سیاسی دباؤ یا کسی بھی قسم کی ہڑتال سے متاثر نہیں ہونے دیا جائے گا، اور جو عناصر غیر قانونی طریقے سے سسٹم کو مفلوج کرنے کی کوشش کریں گے ان کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا۔



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی، کورکمانڈر لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم میر عطاء اللہ مینگل کی شہادت پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

## وزیراعلیٰ اور کورکمانڈر کی میر شفیق الرحمان مینگل سے تعزیت

**فاتحہ خوانی میں افسران، قبائلی شخصیات کی بڑی تعداد شریک، ظہرانے میں شرکت**

وڈھ/خضدار (این این آئی) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ..........

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

میر محمد نصیر مینگل کے فرزند میر شفیق الرحمان مینگل میر حمود الرحمان مینگل کے بھائی میر مطیع الرحمن مینگل کے والد میر عطاء الرحمان مینگل کی شہادت پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم نے جمعرات کے روز ان کی رہائشگاہ وڈھ باڈری جا کر تعزیت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو کمشنر قلات ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی، سردار حیات خان ساجدی ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین حاجی محمد اقبال مینگل میر شہباز خان قلندرانی میر فدا احمد خان قلندرانی میر محمد خان رئیسانی میر محمد اقبال رئیسانی سردارزادہ میر شہزاد غلامانی میر منیر احمد مینگل میر مسعود احمد مینگل میر عتیق الرحمان ساجدی میر یاسر مینگل مولانا تاج محمد مینگل سمیت سینکڑوں قبائلی عمائدین، سیاسی و سماجی رہنماء اور عام شہری موجود تھے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل رحت نسیم نے لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا دعائے مغفرت کی اور کافی دیر تک وڈھ باڈری میں وقت گزارا۔ جب کہ انہوں نے ظہرانے میں بھی شرکت کی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سنچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد23 شمارہ193 | جمعۃ المبارک یکم محرم الحرام، 27جون 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے


# غیر حاضر ملازمین کو تنخواہ نہیں ملے گی شوکاز نوٹس جاری کیے جائیں، سرفراز بگٹی

## لازمی سروس کے اداروں میں تالہ بندی اور ہڑتال کی اجازت نہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان کی افسران کو وزٹ کرنے کی ہدایت

### تمام ڈی ڈی اوز حاضری یقینی بنائیں اور غیر حاضر ملازمین کی فہرست سی ایم ہاؤس ارسال کریں، صوبائی حکومت کا اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے بھر کے تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی غیر حاضری اور فرائض کی انجام دہی میں غفلت پر سخت نوٹس لیتے ہوئے واضح ہدایات جاری کی ہیں

کہ سرکاری ملازمین بالخصوص اساتذہ کی جانب سے ڈیوٹی سے مسلسل غیر حاضری یا کام میں لاپرواہی کی صورت میں کسی بھی قسم کی تنخواہ یا مراعات قومی خزانے سے ادا نہیں کی (باقی صفحہ 5 نمبر22)

جائیں گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے محکمہ تعلیم کے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ ایسے تمام اساتذہ اور دیگر اداروں کے ملازمین کی تفصیلات فوری طور پر طلب کی جائیں جو اپنے فرائض سے غفلت برت رہے ہیں یا بغیر کسی اطلاع کے مسلسل غیر حاضر ہیں۔ ان ملازمین کو ضابطے کے مطابق ایک ہفتے کے اندر شوکاز نوٹس جاری کیے جائیں، اور اگر وہ تسلی بخش جواب نہ دے سکیں تو انہیں فارغ کر کے ان کی جگہ خالی آسامیوں پر نئے اہل امیدواروں کو کنٹریکٹ کی بنیاد پر بھرتی کیا جائے انہوں نے سابقہ ادوار کے حکومتی فیصلوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ محکمہ تعلیم، محکمہ صحت اور دیگر لازمی سروسز کے اداروں میں کسی بھی ملازم تنظیم اور ایسوسی ایشن کو تالہ بندی اور ہڑتال کرنے کی اجازت ہرگز نہیں ماضی میں ہم ترقی کی جس دوڑ میں پیچھے رہے ہیں۔

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات پر صوبائی حکومت نے تمام سرکاری محکموں کو سختی سے آگاہ کر دیا ہے کہ وہ گرینڈ الائنس کی جانب سے جاری ہڑتال (باقی صفحہ 5 نمبر23)

کے تناظر میں اپنے ماتحت تمام ملازمین کو فوراً اپنی جائے تعیناتی پر حاضر ہونے کی ہدایت کریں۔ اعلامیہ میں واضح کیا گیا ہے کہ کسی کو بھی تعلیمی سرگرمیاں معطل کرنے یا کسی بھی قسم کے سرکاری امور میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ حکومت بلوچستان نے خبردار کیا ہے کہ جو سرکاری ملازم گرینڈ الائنس کی ہڑتال کی آڑ میں اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر پایا گیا، اُس کے خلاف کارِ سرکار میں مداخلت اور حکومتی ضوابط کی خلاف ورزی کے تحت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ ایسے کسی بھی اقدام کو ناقابلِ معافی جرم تصور کیا جائے گا۔ صوبائی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ سرکاری خزانے سے صرف اُن ملازمین کو تنخواہیں جاری کی جائیں گی جو باقاعدہ اپنی ڈیوٹی پر موجود ہوں گے۔ غیر حاضر ملازمین کی تنخواہیں روک دی جائیں گی اور اُن کی تفصیلات محکمہ خزانہ کو فراہم کی جائیں گی۔ مزید برآں حکومت بلوچستان نے کنٹریکٹ پالیسی پر سختی سے عملدرآمد شروع کر دیا ہے۔

# عالمی طاقتیں بلوچستان میں بھارتی کردار کا نوٹس لیں، سرفراز بگٹی

## ایس سی او اجلاس میں پاکستان کو سفارتی کامیابی ملی، ویب سائٹ پر پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کے حالیہ اجلاس میں پاکستان نے ایک اور بڑی سفارتی کامیابی حاصل کی ہے، جہاں بھارت کی جانب سے پہلگام کو پاکستان سے جوڑنے کی کوشش ناکام ہو گئی اس اجلاس میں پاکستان نے بلوچستان میں بھارتی مداخلت کے ٹھوس اور ناقابل تردید شواہد پیش کیے، جنہوں نے عالمی (باقی صفحہ 5 نمبر14)

برادری کی توجہ اس اہم مسئلے کی جانب مبذول کرائی سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ پاکستان نے طویل عرصے سے دنیا کو آگاہ کیا ہے کہ بھارت بلوچستان میں بدامنی، دہشت گردی اور شورش کو ہوا دے کر خطے کے امن کو سبوتاژ کر رہا ہے اب ہمارے پاس ایسے شواہد موجود ہیں جو صرف الزامات نہیں بلکہ ٹھوس حقائق پر مبنی ہیں اور عالمی برادری کو جھنجھوڑنے کے لیے کافی ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان ہر اس بین الاقوامی فورم پر یہ شواہد پیش کرنے کے لیے تیار ہے جو سچائی اور انصاف کی قدر کرتا ہے ہم چاہتے ہیں کہ عالمی طاقتیں بلوچستان میں بھارتی کردار کا سنجیدگی سے نوٹس لیں اور امن کے قیام میں پاکستان کا ساتھ دیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کسی بھی قسم کی بیرونی مداخلت کو برداشت نہیں کرے گا اور بلوچستان کی سرزمین کو غیر مستحکم کرنے کی ہر کوشش کو ناکام بنایا جائے گا۔

# منشیات کے خاتمے کیلئے اجتماعی اقدامات ناگزیر ہیں، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (اے پی پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے انسداد منشیات کے دن کی مناسبت سے کہا ہے کہ منشیات کے خلاف جنگ مشترکہ ذمہ داری ہے، اس ناسور کے (باقی صفحہ 5 نمبر12)

خاتمے کے لئے اجتماعی اقدامات ناگزیر ہیں۔ منشیات کا خاتمہ نوجوان نسل کا تحفظ اور روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان میں منشیات کی روک تھام کے لیے پرعزم ہیں۔ موجودہ صوبائی حکومت نے بلوچستان کی تاریخ کا سب سے بڑا اینٹی نارکوٹکس آپریشن کیا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ موثر کارروائی کے نتیجے میں گزشتہ ایک سال کے دوران پانچ ہزار ایکڑ اراضی پر کاشت پوست کی فصلیں تلف کی گئیں۔ منشیات کے عادی افراد کی بحالی کے لئے تمام اضلاع میں بحالی مراکز قائم کر رہے ہیں۔

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر ایم پی I-4

قیمت 30 روپے ★ صفحات

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | بروز جمعۃ المبارک 27 جون 2025ء بمطابق یکم محرم الحرام 1447ھ | شمارہ نمبر 174


# وزیراعلیٰ کی غیر حاضر ملازمین کو فوری ڈیوٹی پر آنے کی ہدایت تنخواہیں روکنے کا فیصلہ

میر سرفراز بگٹی نے صوبے بھر کے تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی غیر حاضری اور فرائض کی انجام دہی میں غفلت کا نوٹس لے لیا، غیر حاضر ملازمین کو ضابطے کے مطابق ایک ہفتے کے اندر شوکاز نوٹس جاری کرنے کے احکامات

فرائض سے غفلت برتنے والے ملازمین تفصیلات فوری طلب، تسلی بخش جواب نہ دینے پر فوری فارغ کر کے ان کی جگہ نئے اہل امیدوار کنٹریکٹ کی بنیاد پر بھرتی کئے جائیں، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے بھر کے تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی غیر حاضری اور فرائض کی انجام دہی میں غفلت پر سخت نوٹس لیتے ہوئے واضح ہدایات جاری کی ہیں کہ سرکاری ملازمین بالخصوص اساتذہ کی جانب سے ڈیوٹی سے مسلسل غیر حاضری یا کام میں لاپرواہی کی صورت میں کسی بھی قسم کی تنخواہ یا مراعات قومی خزانے سے ادا نہیں کی جائیں گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے محکمہ تعلیم کے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ ایسے تمام اساتذہ اور دیگر اداروں کے ملازمین کی تفصیلات فوری طور پر طلب کی جائیں جو اپنے فرائض سے غفلت برت رہے ہیں یا بغیر کسی اطلاع کے مسلسل غیر حاضر ہیں۔ ان ملازمین کو ضابطے کے مطابق ایک ہفتے کے اندر شوکاز نوٹس جاری کیے جائیں، اور اگر وہ تسلی بخش جواب نہ دے سکیں تو انہیں فارغ کر کے ان کی جگہ خالی آسامیوں پر نئے اہل امیدواروں کو کنٹریکٹ کی بنیاد پر

بقیہ نمبر 13 صفحہ 5 پر

بھرتی کیا جائے انہوں نے سابقہ ادوار کے حکومتی فیصلوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ محکمہ تعلیم، محکمہ صحت اور دیگر لازمی سروسز کے اداروں میں کسی بھی ملازم تنظیم اور ایسوی ایشن کو تالہ بندی اور ہڑتال کرنے کی اجازت ہرگز نہیں ماضی میں ہم ترقی کی جس دوڑ میں پیچھے رہے ہیں اس میں ان جیسی تنظیموں کی بلا جواز ہڑتالیں اور اداروں ودفاتر کی کی تالہ بندی نے حکومتوں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت تعلیم کے فروغ کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے، تاہم اگر سرکاری ملازمین اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں سرانجام نہیں کریں گے تو ان کے ساتھ کوئی نرمی نہیں برتی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے افسران کو تاکید کی کہ وہ فیلڈ وزٹ کر کے حاضری کو یقینی بنائیں اور کارکردگی کی مسلسل مانیٹرنگ کریں۔

## وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی اور کور کمانڈر وڈھ پہنچ گئے

عطاء الرحمان مینگل کی رہائش گاہ آمد، اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار

خضدار (بیورو رپورٹ) سابق وفاقی وزیر و سابق نگران وزیراعلیٰ بلوچستان میر محمد نصیر جان مینگل کے فرزند جھالاوان عوامی پینل کے سربراہ میر شفیق الرحمان مینگل میر حمود الرحمان مینگل کے بڑے بھائی میر مطیع الرحمن مینگل کے والد میر عطاء الرحمان مینگل کی شہادت پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم نے جمعرات کے روز ان کی رہائشگاہ وڈھ باڈڑی جا کر تعزیت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو کمشنر قلات ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کمانڈنٹ فرنٹیئر کور لیفٹیننٹ کرنل وقاص، کمانڈنٹ اسکاؤٹس میجر ذیشان، کیپٹن غلام مصطفیٰ، کمشنر افغان ریفیوجز ارباب طالب خان، میجر اورنگزیب بادینی، ڈپٹی کلیکٹر کسٹم میر مقبول احمد قلندرانی، ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی، سردار حیات خان ساجدی ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین حاجی محمد اقبال مینگل میر شہباز خان قلندرانی

بقیہ نمبر 38 صفحہ 5 پر

میر شہزاد خان غلامانی، میر فدا احمد خان قلندرانی میر محمد خان ریکسانی میر محمد اقبال ریکسانی، میر منیر احمد مینگل بشیر احمد حلیمی، عدیل قمرانی، عبدالرؤف قمرانی، میر شہباز تمرانی، محمد اعظم زہری، سردارزادہ میر ظفر ساسولی، قاضی حسن علی ساسولی میر مسعود احمد مینگل میر عتیق الرحمان ساجدی میر یاسر مینگل مولانا تاج محمد مینگل سمیت سینکڑوں قبائلی عمائدین سیاسی وسماجی رہنما ء اور عام شہری تعزیت میں باڈڑی آئے تھے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل رحت نسیم نے لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا اور دعائے مغفرت کی اور کافی دیر تک وڈھ باڈڑی میں وقت گزارے جبکہ انہوں نے ظہرانے میں بھی شرکت کی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

Bullet No. 1

Page No. 8

جلد نمبر-24 | جمعہ 27 جون 2025ء بمطابق یکم محرم الحرام 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-172

# غیر حاضر اساتذہ اور دیگر ملازمین کیخلاف سخت کارروائی کا فیصلہ، تالہ بندی، ہڑتال کی اجازت نہیں دیں گے

سرفراز بگٹی

**ایسے تمام اساتذہ اور دیگر اداروں کے ملازمین کی تفصیلات فوری طور پر طلب کی جائیں جو اپنے فرائض سے غفلت برت رہے ہیں یا بغیر کسی اطلاع کے مسلسل غیر حاضر ہیں**

**ان ملازمین کو ضابطے کے مطابق ایک ہفتے کے اندر شوکاز نوٹس جاری کیے جائیں، اور اگر وہ تسلی بخش جواب نہ دے سکیں تو انہیں فارغ کر کے ان کی جگہ خالی اسامیوں پر نئے اہل امیدواروں کو کنٹریکٹ کی بنیاد پر بھرتی کیا جائے**

**حکومت تعلیم کے فروغ کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، تاہم اگر سرکاری ملازمین اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں سرانجام نہیں کریں گے تو ان کے ساتھ کوئی نرمی نہیں برتی جائے گی، وزیراعلیٰ**

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے بھر کے تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی غیر حاضری اور فرائض کی انجام دہی میں غفلت پر سخت نوٹس لیتے ہوئے واضح ہدایات جاری کی ہیں کہ سرکاری ملازمین بالخصوص اساتذہ کی جانب سے ڈیوٹی سے مسلسل غیر حاضری یا کام میں لاپرواہی کی صورت میں کسی بھی قسم کی تنخواہ یا مراعات قومی خزانے سے ادا نہیں کی جائیں گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے محکمہ تعلیم کے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ ایسے تمام اساتذہ اور دیگر اداروں کے ملازمین کی تفصیلات (بقیہ نمبر1 صفحہ نمبر2 پر)

فوری طور پر طلب کی جائیں جو اپنے فرائض سے غفلت برت رہے ہیں یا بغیر کسی اطلاع کے مسلسل غیر حاضر ہیں۔ ان ملازمین کو ضابطے کے مطابق ایک ہفتے کے اندر شوکاز نوٹس جاری کیے جائیں، اور اگر وہ تسلی بخش جواب نہ دے سکیں تو انہیں فارغ کر کے ان کی جگہ خالی آسامیوں پر نئے اہل امیدواروں کو کنٹریکٹ کی بنیاد پر بھرتی کیا جائے انہوں نے سابقہ ادوار کے حکومتی فیصلوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ محکمہ تعلیم، محکمہ صحت اور دیگر لازمی سروسز کے اداروں میں کسی بھی ملازم تنظیم اور ایسوسی ایشن کو تالہ بندی اور ہڑتال کرنے کی اجازت ہرگز نہیں ماضی میں ہم ترقی کی جس دوڑ میں پیچھے رہے ہیں اس میں ان جیسی تنظیموں کی بلا جواز ہڑتالیں اور اداروں و دفاتر کی تالہ بندی نے حکومتوں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت تعلیم کے فروغ کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، تاہم اگر سرکاری ملازمین اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں سرانجام نہیں کریں گے تو ان کے ساتھ کوئی نرمی نہیں برتی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے افسران کو تاکید کی کہ وہ فیلڈ وزٹ کر کے حاضری کو یقینی بنائیں اور کارکردگی کی مسلسل مانیٹرنگ کریں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 9

THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی
اکرام اللہ خان

جلد 29 جمعہ 27 جون 2025ء بمطابق یکم محرم الحرام 1447ھ قیمت 20 روپے شمارہ 173

# سرکاری اساتذہ کی غیر حاضری برداشت نہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان کا سخت ایکشن

## تمام غیر حاضر اساتذہ کی تنخواہیں بند، ایک ہفتے میں شوکاز نوٹس جاری کیے جائیں، تسلی بخش وضاحت نہ آنے پر نئی بھرتیاں کی جائیں

## افسران فیلڈ وزٹ کر کے ملازمین کی حاضری کو چیک کریں، کارکردگی مسلسل مانیٹرنگ کی جائے، نئی نسل کی تعلیم سے دوری قبول نہیں: سرفراز بگٹی

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے کے سرکاری تعلیمی اداروں میں مسلسل غیر حاضر رہنے والے اساتذہ کے خلاف سخت ایکشن لیتے ہوئے محکمہ تعلیم کو واضح ہدایات جاری کر دی ہیں۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ بغیر اطلاع کے غیر حاضر رہنے والے اساتذہ کو فوری طور پر شوکاز نوٹس جاری کیے جائیں اور ان کی تنخواہیں بند کی جائیں۔ انہوں نے محکمہ تعلیم کو حکم دیا کہ فرائض میں غفلت برتنے والے اساتذہ اور عملے کی تفصیلات ایک ہفتے کے اندر اندر فراہم کی جائیں تاکہ ان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جاسکے۔ وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ اگر متعلقہ اساتذہ اپنی غیر حاضری کی تسلی بخش وضاحت پیش نہ کر سکے تو ان کی جگہ نئے اساتذہ کو کنٹریکٹ بنیادوں پر بھرتی کیا جائے گا تاکہ تعلیمی نظام متاثر نہ ہو۔ انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی ملازم تنظیم یا ایسوسی ایشن کو تالہ بندی کی اجازت نہیں دی جائے گی، اور اگر کسی نے زبردستی دفاتر یا اسکولوں کو بند کرنے کی کوشش کی تو اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ فیلڈ وزٹ کر کے ملازمین کی حاضری کو یقینی بنائیں اور ان کی کارکردگی کی مسلسل مانیٹرنگ کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی نئی نسل کو تعلیم سے محروم رکھنے کی کسی کوشش کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا اور جو بھی سرکاری ملازم اپنے فرائض سے غفلت برتے گا، اس کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔

CamScanner

# CM, Corps Commander offer condolences to family of Mir Atta-ur-Rehman

**Staff Report**

**WADH/KHUZDAR:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti and Corps Commander Balochistan Lieutenant General Rahat Naseem visited Wadhbadri on Thursday to express their condolences on the martyrdom of Mir Atta-ur-Rehman Mengal, son of former Chief Minister Balochistan Mir Muhammad Naseer Mengal, brother of Mir Hamood-ur-Rehman Mengal, and father of Mir Atta-ur-Rehman Mengal.

Provincial Minister Mir Asim Kurd, Commissioner Kalat Division Shahzeb Khan Kakar, Deputy Commissioner Khuzdar Yasir Iqbal Dashti, District Vice Chairman Ha Muhammad Iqbal, Mir Shahbaz Khan Qalandrani, Mir Fida Ahmed Khan Qalandrani, Sardarzada Mir Shahzad Ghulamani, Mir Atiqur Rehman Sajidi, Mir Yasir Mengal, hundreds of tribal elders, political and social leaders, and other individuals were present on the occasion. Chief Minister Balochistan Sarfaraz Bugti and Corps Commander Balochistan Lieutenant General Rahat Naseem offered condolences to the bereaved family, prayed for forgiveness, and spent a considerable amount of time in Wadhbadri, also attending lunch.

Chief Minister Balochistan Mir Sarfaraz Bugti has stated unequivocally that there is no question of leaving the people of Balochistan at the mercy of terrorists, even if it requires significant sacrifice. He asserted that elements attempting to impose their ideology through violence are pushing the Baloch nation into a futile war, which will only lead to bloodshed, terror, and losses. The Chief Minister declared his unwavering resolve to confront these terrorists in every field. He acknowledged that some advise him to remain silent, but he explained that his conscience and the responsibility entrusted to him by Allah Almighty and the Constitution of Pakistan compel him to act.

The Chief Minister made it clear that he will continue to challenge these elements, raise his voice against them, and keep the Baloch nation informed of the facts to ensure clarity. He noted that opinions on Balochistan's peace and order often come from those not residing in the province, while his government is aware of the ground realities. He highlighted that past governments did not consider terrorism their war, leading state institutions to fight and sacrifice alone.

However, his government has adopted this war and is combating terrorists with full force. The Chief Minister asserted that global terrorism history proves terrorists succeed only when the civil government is inactive. Making the state active, dynamic, and accountable is his government's top priority, and a comprehensive plan for administrative reforms has been drawn up. He stated that all past shortcomings that caused public dissatisfaction are being addressed. Every office will be activated, vacancies filled, and employee and department performance checked through an integrated monitoring system. The Chief Minister affirmed that they would reach the doorsteps of the people, listen to their complaints, and solve their problems. He reported that 3,200 closed schools have been reopened, several closed health centers activated, and over 16,000 recruitments made in one year. He committed to fully activating all schools lacking teachers and all basic health centers within the next three months.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 27 JUN 2025 Page No. 11

ایس سی او وزرائے دفاع کانفرنس میں بھارت پہلگام واقعے کو پاکستان سے جوڑنے میں ناکام ہوگیا، مشترکہ اعلامیے کو دیکھ کر راج سنگھ ناراض ہوگئے

# شنگھائی تعاون تنظیم کی بلوچستان میں دہشتگردی کی مذمت

## بھارتی وزیر دفاع کا مشترکہ اعلامیہ پر دستخط سے انکار

بھارتی وفد اعلامیے میں پاکستان کی مذمت کیلئے منتیں کرتا رہا رکن ملکوں نے بھارتی موقف کی حمایت سے انکار کردیا، شنگھائی تعاون تنظیم نے اجلاس کے مشترکہ اعلامیے میں جعفر ایکسپریس پر حملے کی شدید مذمت کی

اجلاس میں بھارتی وفد نے بغیر کسی ثبوت کے پاکستان کے خلاف الزامات لگائے لیکن پاکستانی وفد نے اپنی مدلل اور زوردار تقریر میں اجیت ڈوول کے بیانیے کو جھوٹ کا پلندا قرار دیکر مسترد کردیا

چین میں منعقدہ اجلاس نیٹو رہنماؤں کی دی ہیگ میں ہونے والی کانفرنس کے اگلے ہی دن منعقد ہوا جہاں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے دباؤ پر رکن ممالک نے دفاعی اخراجات میں اضافے پر اتفاق کیا

ایس سی او مشترکہ اعلامیے میں پہلگام واقعے کا ذکر نہیں تھا جس پر وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے دستخط سے انکار کیا اعلامیے میں بھارت پر بلوچستان میں بالواسطہ بدامنی پھیلانے کا الزام لگایا گیا، بھارتی میڈیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) شنگھائی تعاون تنظیم میں پاکستان نے بڑی کامیابی حاصل کرلی، بھارت کو سبکی کا سامنا کرنا پڑا ہے، تنظیم کی وزرائے دفاع کے اجلاس کے مشترکہ اعلامیے میں بھارت پہلگام واقعے کو پاکستان سے جوڑنے میں ناکام ہوگیا، بھارت نے مشترکہ اعلامیے پر دستخط سے انکار کردیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق شنگھائی تعاون تنظیم کے........ بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

وزرائے دفاع اجلاس کے اعلامیے میں نئی دہلی پہلگام واقعے کو پاکستان سے جوڑنے میں ناکام ہوگیا، جھنجلاہٹ کا شکار بھارتی وفد نے مشترکہ اعلامیے پر دستخط سے انکار کردیا۔ میڈیا اطلاعات کے مطابق بھارتی وفد اعلامیے میں پاکستان کی مذمت کیلئے منتیں کرتا رہا تاہم رکن ملکوں کے وفود نے بھارتی موقف کی حمایت سے انکار کردیا، شنگھائی تعاون تنظیم نے اجلاس کے مشترکہ اعلامیے میں بلوچستان میں دہشت گردی کی مذمت کی ہے۔ رپورٹ کے مطابق چین نے مشرقی ساحلی شہر چنگ ڈا میں جمعرات کو ایران، روس، پاکستان، روس، بیلاروس اور دیگر ممالک کے وزرائے دفاع کی میزبانی کی، جو ایسے وقت پر ہوا جب مشرق وسطیٰ میں جنگ جاری ہے اور یورپ میں نیٹو ممالک دفاعی اخراجات بڑھانے پر متفق ہو چکے ہیں۔ یہ اجلاس 10 رکنی شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے تحت منعقد ہوا، جو بیجنگ طویل عرصے سے مغرب کی زیر قیادت طاقت کے بلاکس کے مقابلے میں ایک متبادل پلیٹ فارم کے طور پر پیش کرتا آیا ہے۔ بیجنگ اس تنظیم کے رکن ممالک کے درمیان سیاست، سکیورٹی، تجارت اور سائنسی تعاون کو فروغ دینے پر زور دیتا ہے، چنگ ڈا، جو ایک اہم چینی بحری اڈہ بھی ہے، میں یہ اجلاس ایک ایسے وقت میں منعقد ہوا جب اسرائیل اور ایران کے درمیان 12 دن کی شدید لڑائی کے بعد ایک نازک سیز فائر نافذ ہے۔ یہ اجلاس نیٹو رہنماؤں کی دی ہیگ میں ہونے والی کانفرنس کے اگلے ہی دن منعقد ہوا، جہاں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے دباؤ پر رکن ممالک نے دفاعی اخراجات میں اضافے پر اتفاق کیا۔ چینی وزیر دفاع ڈونگ جون نے اجلاس کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے ایک ایسے عالمی ماحول میں توازن کی کوشش قرار دیا جو افراتفری اور عدم استحکام کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ صدی کی بڑی تبدیلیاں تیز ہو رہی ہیں، یک طرفہ پالیسیاں اور تحفظ پسندی بڑھ رہی ہے، جارحانہ، تسلط پسند اور دھونس پر مبنی رویے عالمی نظام کو شدید نقصان پہنچا رہے ہیں۔ ڈونگ جون نے شرکا پر زور دیا کہ وہ پرامن ترقی کے ماحول کی مشترکہ حفاظت کے لیے زیادہ موثر اقدامات کریں۔ بھارت کے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ بھی اجلاس میں شریک ہوئے انہوں نے کہا کہ ایس سی او کے رکن ممالک کو مشترکہ طور پر اپنے عوام کی توقعات اور چیلنجز کا مقابلہ کرنے کی خواہش رکھنی چاہیے۔ ان کے مطابق ہم جس دنیا میں رہتے ہیں، وہ بڑی تبدیلی سے گزر رہی ہے، ایک وقت میں جو گلوبلائزیشن ہمیں قریب لا رہی تھی، وہ اب سست روی کا شکار ہے۔ سربراہی اجلاس کے موقع پر ڈونگ جون سے ملاقات کرتے ہوئے روسی وزیر دفاع اندری بلیوسوف نے چین کے ساتھ تعلقات کو تاریخی طور پر غیر معمولی سطح پر قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ممالک کے درمیان دوستانہ تعلقات ہر میدان میں ترقی کی سمت بڑھ رہے ہیں۔ چین نے خود کو یوکرین پر روسی جنگ کے معاملے میں غیر جانب دار ظاہر کیا ہے، تاہم مغربی حکومتوں کا کہنا ہے کہ چین کی معاشی و سفارتی حمایت نے ماسکو کو جنگ میں تقویت دی ہے۔

## منشیات ایک سنگین سماجی مسئلہ، نوجوان نسل کو تباہ کر دیتا ہے، شعیب نوشیروانی

### ہمیں نوجوانوں کو تعلیم، کھیل اور مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کر کے اس تباہ کن راستے سے بچانا ہوگا

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ بلوچستان میر شعیب نوشیروانی نے انسداد منشیات کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ منشیات ایک سنگین سماجی مسئلہ ہے جو خصوصاً نوجوان نسل کے مستقبل کو تباہ کر دیتے ہیں اس ناسور کے خلاف ہر سطح پر اجتماعی شعور اور عملی اقدام کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ منشیات صرف فرد نہیں بلکہ پورے خاندان اور معاشرے کو متاثر کرتی ہے۔ ہمیں نوجوانوں کو تعلیم، کھیل اور مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کر کے انہیں اس تباہ کن راستے سے بچانا ہوگا۔ میر شعیب نوشیروانی نے والدین، اساتذہ، علمائے کرام، سماجی رہنماؤں اور میڈیا کی نمائندوں سے اپیل کی کہ وہ اپنی ذمہ داریاں ادا کرتے ہوئے معاشرے میں منشیات کے خلاف آگاہی مہم چلائیں اور نوجوانوں کو ایک محفوظ، صحت مند اور روشن مستقبل کی طرف رہنمائی فراہم کریں۔ نوجوان نسل ہمارے مستقبل کے معمار ہیں ہمارے صوبے اور ملک کی باگ ڈور آئندہ ان کے ہاتھ میں ہوگی۔

MASHRIQ QUETTA

## حکومت نے تفرقات سے بالاتر ہو کر صوبائی بجٹ بنایا ہے، ظہور بلیدی

### ضروریات کے پیش نظر اسکیمات کی منظوری دی گئی ہے سوشل سیکٹر کو اہمیت دی گئی ہے

### بنیادی انفراسٹرکچر کے فقدان والے اضلاع میں یکساں بنیادوں پر اسکیمات دی گئیں

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت نے قومیت، لسانیت، علاقائیت اور نارتھ ساوتھ کی تفریق سے بالاتر ہو کر صوبائی بجٹ بنائی ہے وہ اضلاع جہاں بنیادی انفراسٹرکچر کا فقدان رہا ہے وہاں یکساں بنیادوں پر اسکیمات دیئے گئے ہیں، بجٹ میں سوشل سیکٹر پر زیادہ توجہ دی گئی ہے۔

بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

ن خیالات کا اظہار انہوں نے اے پی پی سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ بلوچستان حکومت نے قومیت، لسانیت، علاقائیت اور نارتھ ساوتھ کی تفریق سے بالاتر ہو کر صوبائی بجٹ بنائی ہے جس میں ضرورت کو پیش نظر رکھ کر اسکیمات کی منظوری دی گئی ہے اور پورے صوبے میں سوشل سیکٹر کو خصوصی اہمیت دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ صوبے کے وہ علاقے جو دہشت گردی سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں اور وہ اضلاع جہاں بنیادی انفراسٹرکچر کا فقدان رہا ہے وہاں یکسان بنیادوں پر اسکیمات دیئے گئے ہیں۔ البتہ پاکستان کی وفاقی حکومت نے صوبے کے پسماندہ اضلاع کو باقی اضلاع کے برابر لانے کے لئے ساوتھ ترقیاتی پیکج کا اعلان کیا ہے

## عوام کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، بخت محمد کاکڑ

### اس بجٹ کو ترقی، امن، خدمت اور فلاح کا آغاز بنائیں گے، صوبائی وزیر صحت

### محکمہ صحت کی بہترین کارکردگی عوام کے سامنے ہے، تسلسل کو جاری رکھا جائے گا

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ رواں مالی سال 2025-26 کے بجٹ میں محکمہ صحت کیلئے خطیر رقم رکھی گئی ہے جس سے غریب عوام کے علاج و معالجے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی اور عوام صحت سہولیات کی فراہمی ان کی دہلیز پر دی جائے گی اس بجٹ کو ترقی، امن، خدمت اور فلاح کا آغاز بنائیں گے تاکہ بلوچستان کا ہر شہری، ہر بچہ اور ہر کونہ امید، روشنائی اور خوشحالی کا گہوارہ بنے یہ بات انہوں.........

بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ 100 فیصد ترقیاتی بجٹ خرچ کیا گیا ہے جو دوسرے صوبوں کے مقابلے میں سب سے زیادہ ہے انہوں نے کہا کہ رواں سال بھی اس تسلسل کو برقرار رکھا جائے گا، محکمہ صحت کی کارکردگی عوام کے سامنے ہے اور اب بھی اس سے بہتر کارکردگی دکھائیں گے تاکہ عوام اس کارکردگی سے مستفید ہو تمام ترقیاتی منصوبے عوامی فلاح کو مدنظر رکھتے ہوئے بنائے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ مالی سال 2025-26 کے بجٹ میں انٹرپرائز ڈویلپمنٹ پروگرام، سیف سٹی پراجیکٹس، شمسی توانائی، صنعتی زونز، اسکول، اسپتال، بس ٹرمینلز، کیڈسٹرل لینڈ سیٹلمنٹ، امن و ہم آہنگی کے پروگرام، چیلنز ٹرین سروس، ایئر ایمبولینس، پنک اسکوٹی اسکیم، یوتھ پالیسی، بی ٹی ای وی ٹی اے اسکیم، اسکالرشپ فنڈ، عوامی انڈومنٹ فنڈ اور میونسپل سروسز کی بہتری کے منصوبے شامل ہیں

## اولین حکومتی ترجیح ماحولیاتی تحفظ اور سائنسی ترقی ہے، خالد حسین مگسی

### لورالائی یونیورسٹی میں مصنوعی ذہانت و سائبر سیکیورٹی مراکز قائم ہوں گے

### نرسنگ اور سائنسی پروگرامز کے لیے جدید لیبارٹریاں بھی قائم کی جائیں گی

کوئٹہ (یو این اے) وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی خالد حسین مگسی سے یونیورسٹی آف لورالائی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ نے جمعرات کو ملاقات کی۔ ملاقات میں سائنسی تعلیم، تحقیق، جدید ٹیکنالوجی، ماحولیاتی تحفظ اور باہمی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے لورالائی یونیورسٹی میں مصنوعی ذہانت (AI) اور سائبر سیکیورٹی کے شعبوں میں جدید سینٹ اپس کے قیام کے لیے ہر ممکن تعاون کا وعدہ کیا۔ انہوں نے اعلان کیا.........

بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

کہ پاکستان کونسل آف سائنٹیفک اینڈ انڈسٹریل ریسرچ کی مدد سے نرسنگ اور سائنسی پروگراموں کے لیے جدید لیبارٹریاں بھی قائم کی جائیں گی۔ اس موقع پر وائس چانسلر نے آگاہ کیا کہ یونیورسٹی نے 200 ایکڑ رقبے پر زیتون کے درخت کامیابی سے لگائے ہیں، جو ماحولیاتی تحفظ اور پانی کے بحران کے دیرپا حل کے لیے ایک مؤثر قدم ہے۔ خالد حسین مگسی نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ زیتون کی شجرکاری قومی سطح پر ماڈل کے طور پر اپنائی جا سکتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزارت سائنس و ٹیکنالوجی، پاکستان کونسل آف ریسرچ ان واٹر ریسورسز کے تعاون سے پانی کے تحفظ کے منصوبوں میں یونیورسٹی کی بھرپور مدد کرے گی۔ وفاقی وزیر نے زور دیا کہ ماحولیاتی تحفظ اور سائنسی ترقی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں اور امید ظاہر کی کہ ایسے اشتراک سے بلوچستان میں اعلیٰ تعلیم، اختراع اور تحقیق کا نیا دور شروع ہوگا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 27 JUN 2025 Page No. 13

## کورکمانڈر کوئٹہ کی سی ایس ایس اور بی پی ایس سی کے منتخب افسران کیساتھ نشست

**لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم نے افسروں کو سوالات کے مدلل جواب دیئے، شرکاء نے نشست کو مفید قرار دیدیا**

کوئٹہ (این این آئی) کورکمانڈر کوئٹہ لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم کی فیڈرال سروس کمیشن (سی ایس ایس) اور بلوچستان پبلک سروس کمیشن (بی پی ایس سی) کے منتخب افسران سے خصوصی نشست کورکمانڈر نے نشست کے دوران بلوچستان کے بارے میں تازہ ترین پیش رفت سے آگاہ کیا۔ افسران نے کور کمانڈر سے سوالات کئے اور تمام سوالات کے تفصیلی اور مدلل جوابات دیئے۔ شرکاء نے کور کمانڈر کے ساتھ اس نشست کو انتہائی مفید قرار دیا اور تہیہ کیا کہ وہ ضروری تربیت کے تکمیل کے بعد بلوچستان کے دورافتادہ علاقوں میں اپنی خدمات انجام دیں گے۔

## پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کی بحالی بہتر پولیسنگ سے ہی ممکن ہے، معظم جاہ انصاری

**ترقی پانے والے افسران اپنا کمانڈنگ رول مزید تندہی کے ساتھ ادا کریں، بات چیت**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری نے کہا ہے کہ ترقی اور رینک میں اضافہ پولیس افسران کے کیریئر کا اہم حصہ اور انکی ذمہ داریوں میں اضافے کا عکاس ہے۔ شہریوں کے ساتھ معاملات میں قانون وانصاف کے تمام تقاضوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے حسنِ اخلاق کا مظاہرہ جاری رکھا جائے تاکہ عوام کا پولیس پر اعتماد بحال ہو اور انہیں احساس تحفظ فراہم کرکے پولیس کے وقار میں مزید اضافے کو یقینی بنایا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار آئی جی پولیس بلوچستان نے سینٹرل پولیس آفس کوئٹہ میں ترقی پانے والے افسران کو ڈی آئی جی رینک لگانے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ 20ویں گریڈ میں ڈی آئی جی کے عہدے پر ترقی پانے والے افسران میں سہیل احمد شیخ، برکت حسین کھوسہ، اعتزاز احمد گورایا، وزیر خان ناصر اور طاہر علاؤالدین شامل ہیں۔ آئی جی نے کہا کہ صوبے میں علاقے کے رسم ورواج کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے پولیسنگ کریں اور عوام کے ساتھ بہتر تعلقات قائم کریں۔ پولیس اور عوام کے درمیان تعاون اور اعتماد کی بحالی بہتر پولیسنگ سے ہی ممکن ہوسکتی ہے۔ ماتحت سٹاف سے بہتر پرفارمنس لینا سپروائزری افسران کی ذمہ داری ہے لہٰذا ترقی پانے والے افسران اپنا کمانڈنگ رول مزید تندہی کے ساتھ ادا کریں اور شہریوں کی بے لوث خدمت اور جان ومال کے تحفظ میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں۔ اس موقع پر ایڈیشنل آئی جی پولیس بلوچستان محمد سعید وزیر، ڈی آئی جیز، اے آئی جیز سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔ آئی جی پولیس بلوچستان نے پروموٹ ہونے والے افسران کو محکمانہ ترقی پر مبارکبادی اور دلجمعی سے فرائض کی ادائیگی کی ہدایت کی۔ اس موقع پر پروموٹ ہونے والے تمام افسران نے شہریوں کی خدمت اور تحفظ کو ہر صورت یقینی بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

## سیکرٹری ٹرانسپورٹ کی زیر صدارت اجلاس، کوچز کے خفیہ خانوں میں اسمگلنگ کے متعلق گفتگو

**بین الصوبائی اور بین الاضلاع روٹ پر چلنے والی بسوں میں خفیہ خانے پائے گئے تو انکو روڈ پر چلنے کی اجازت نہیں دیجائیگی**

کوئٹہ (پ ر) سیکرٹری ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ حیات کاکڑ کی زیر صدارت ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں عبدالمجید اجو، جو سیکرٹری صوبائی ٹرانسپورٹ اتھارٹی اور پبلک ٹرانسپورٹ کمپنیوں کے مالکان نے شرکت کی۔ میٹنگ میں بس اور کوچ میں غیر قانونی خفیہ خانوں اور اس میں سمگلنگ کے متعلق تفصیلی گفتگو ہوئی۔ تمام ٹرانسپورٹ مالکان کو مطلع کیا گیا کہ پبلک ٹرانسپورٹ بس اور کوچ جو بین الصوبائی اور بین الاضلاع روٹ پر چلتی ہے میں خفیہ خانے پائے گئے تو ایسی پبلک ٹرانسپورٹ کو روڈ پر چلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور ان کے خلاف موٹر وہیکل آرڈیننس 1965 کے تحت سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ دوران اجلاس تمام پبلک ٹرانسپورٹ حضرات نے یقین دہانی کرائی کہ پبلک ٹرانسپورٹ بسوں اور کوچز میں کسی قسم کے خفیہ خانے اور اس میں سمگلنگ کی سختی سے مذمت کرتے ہیں اور سرکاری احکامات پر عمل درآمد یقینی بنائیں گے۔

## آبی زراعت کے فروغ اور روزگار کی فراہمی کیلئے پرعزم ہیں، بلال کاکڑ

**ڈام میں جھینگا فارمنگ منصوبہ سرمایہ کاروں کو راغب کرے گا، اجلاس سے عبدالکبیر زرکون کا خطاب**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ کی زیر صدارت ڈام بلوچستان میں جھینگا فارمنگ منصوبے پر پیشرفت سے متعلق جائزہ اجلاس بی پی او آئی کے دفتر میں ہوا، جس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالکبیر زرکون، بلوچستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے سی ای او ڈاکٹر فیصل خان اور محکمہ فشریز کے نمائندے ڈاکٹر علاؤالدین کاکڑ ودیگر حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈام کے ساحلی علاقے میں جھینگا فارمنگ کی وسیع صلاحیت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکاء نے اتفاق کیا کہ یہ منصوبہ مقامی سطح پر روزگار کے مواقع، زرمبادلہ میں اضافہ اور ٹیکنالوجی کی منتقلی میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا کہ یہ منصوبہ صرف معیشت کی ترقی کا ذریعہ نہیں بلکہ فوڈ سیکورٹی، ماہی گیروں کی خود مختاری اور معاشی ترقی کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ حکومت بلوچستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے پائیدار آبی زراعت کو فروغ دے کر ساحلی معیشت کی تشکیل نو کے لیے پرعزم ہے، سی ای او عبدالکبیر زرکون نے کہا کہ بلوچستان کے غیر استعمال شدہ سمندری وسائل سرمایہ کاری کے بے پناہ امکانات رکھتے ہیں، جھینگا فارمنگ منصوبہ ہمارا فلیگ شپ پروجیکٹ ہے جو ملکی وغیر ملکی سرمایہ کاروں کو راغب کرے گا۔ بی پی پی کے سی ای او ڈاکٹر فیصل خان نے شرکاء کو منصوبے کے مختلف پہلوؤں سے آگاہ کرتے ہوئے پیشرفت سے آگاہ کیا۔

## ہرنائی: ڈپٹی کمشنر کے حکم پر ضلعی ہیڈکوارٹر ہسپتال کھول دیا گیا

**لیویز اور پولیس کی بھاری نفری کے ہمراہ ہسپتال کی تالابندی ختم کرائی، ہسپتال انتظامیہ کو ذمہ داروں کیخلاف کارروائی کی ہدایت**

ہرنائی (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر ہرنائی حضرت ولی کاکڑ نے گرینڈ الائنس کی جانب سے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کی تالہ بندی پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہرنائی محمد سلیم ترین کو لیویز اور پولیس کی بھاری نفری کے ہمراہ ہسپتال ہرنائی بھجوا کر تالہ بندی ختم کرواکے ہسپتال کے تمام شعبوں کو کھولنے کا حکم دیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہرنائی سلیم ترین نے ضلعی ہیڈکوارٹر ہسپتال ہرنائی جاکر ہسپتال کھول دیا گیا اور ہسپتال انتظامیہ کو سختی سے ہدایت کی کہ وہ ہسپتال کی تالہ بندی میں ملوث سٹاف کے خلاف سخت محکمانہ ایکشن لیکر ڈپٹی کمشنر ہرنائی کو رپورٹ کریں ڈپٹی کمشنر ہرنائی حضرت ولی کاکڑ نے کہا کہ ہسپتال کی تالہ بندی کو کسی کو اجازت نہیں دینگے بلکہ تالہ بندی میں ملوث اہلکاروں اور ہسپتال انتظامیہ کے خلاف ایکشن لیا جائے گا۔

## بلوچستان اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت کے لئے ملتوی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت کے لئے ملتوی کردیا گیا بدھ کو ایجنڈے کی کارروائی نمٹائے جانے کے بعد اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی نے اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت کے لئے ملتوی کردیا اس ضمن میں انہوں نے گورنر بلوچستان کا حکم نامہ پڑھ کر سنایا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated 27 JUN 2025 Page No. 14


## محرم الحرام میں 24 امام بارگاہیں انتہائی احساس، 30 حساس قرار

**کیم تا دس محرم 57 امام بارگاہوں میں مجالس جبکہ 20 تکیہ خانوں میں زنانہ مجالس ہونگی**

**یوم عاشور کیلئے سات ہزار پولیس اور دو ہزار سے زائد ایف سی اور لیویز اہلکار تعینات کئے جائینگے، اعتزاز گورایہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس کوئٹہ اعتزاز گوارہ نے کہا ہے کہ محرم الحرام میں امن وامان کو برقرار رکھنے کیلئے حکمت عملی پر عملدرآمد شروع کر دیا گیا ہے 24 امام بارگاہوں کو انتہائی احساس جبکہ 30 کو احساس قرار دیا گیا ہے کیم تا دس محرم الحرام کے دوران 57 امام بارگاہوں میں مجالس جبکہ 20 تکیہ خانوں میں زنانہ مجالس ہونگی دس محرم تک 7 سو 30 مجلس ہونگی جس کیلئے سیکورٹی اہلکار تعینات کر دیئے گئے سات محرم کے جلوس کیلئے تین ہزار پولیس او ایف سی کے دو ہزار جبکہ یوم عاشور کیلئے سات ہزار پولیس اور دو ہزار سے زائد ایف سی اور لیویز اہلکار تعینات کئے جائے گئے باہر سے آنے والے جلوسوں کو فل سیکورٹی میں لایا جائے گا ہیلی کاپٹرز سے بھی نگرانی کی جائے گی پاک آرمی اسٹینڈ بائی ہوگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے جنگ سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ محرم الحرام میں تمام امام بارگاہوں پر مستقل گارڈ ز تعینات ہے جبکہ دوران مجالس تمام امام بارگاہوں میں اور تکیہ خانہ جات میں اضافی آفیسران ونفری لگائی جارہی ہے۔ اسکے علاوہ امام بارگاہوں اور تکیہ خانہ جات کی طرف جانے والے تمام راستوں پر ناکہ پکٹ پر مشتمل 69 مقامات پولیس اہلکار تعینات کئے گئے ہے محرم الحرام میں امن وامان کو برقرار رکھنے کیلئے حکمت عملی پر عمل درآمد شروع کر دیا گیا ہے 24 امام بارگاہوں کو انتہائی احساس جبکہ 23 کو احساس کرار دیا گیا ہے انہوں نے بتایا کہ کیم تا دس محرم الحرام کے دوران 57 امام بارگاہوں میں مجالس جبکہ 20 تکیہ خانوں میں زنانہ مجالس ہونگی روانہ 72 مجلس جبکہ دس محرم تک 730 مجالس ہونگی جن کیلئے 23 سو اہلکاروں کی نفری تعینات کر دی گئی ہے جبکہ 7 محرم الحرام کو مارواڑ سے آنے والے جلوس سیکورٹی میں مری آباد لایا جائے گا یہ جلوس بھی ساتویں محرم کے جلوس میں شامل ہوگا جلوس کی سیکورٹی کیلئے تقریباً 3 ہزار پولیس اہلکار اور افسران تعینات ہونگے 9 محرم الحرام کو اہل تشیع حضرات ہج سے ہزارہ ٹاؤن، بروری یوم عاشورہ میں شرکت کیلئے آئینگے جن کیلئے علیحدہ سیکورٹی اقدامات کئے جائیں گے اور فوج کو سٹینڈ بائی رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سات محرم کے جلوس کیلئے تین ہزار پولیس او ایف سی کے دو ہزار جبکہ یوم عاشور کیلئے سات ہزار پولیس اور دو ہزار سے زائد ایف سی اور لیویز اہلکار تعینات کئے جائے گئے پہاڑوں پر ایف سی اور لیویز اہلکار تعینات ہونگے جلوس کے راستوں کو مکمل سیل کر کے خاردار تار، ڈریگن میٹھ، ٹرکیں اور کنٹینروں کے ذریعے بلاک کیا جائے گا دوران محرم کوئٹہ پولیس، بی سی، آر آر جی، اے ٹی ایف اور ڈسٹرکٹ کی نفری ڈیوٹی سرانجام دینگے دوران محرم پاک آرمی اسٹینڈ بائی رہیں گی۔ 7 اور 10 محرم الحرام کے جلوس کی کے فضائی نگرانی کیلئے ایئر سرویلنس ڈیوٹی بھی لگائی گئی ہے۔


MASHRIQ QUETTA


## نصیرآباد، سرکاری اسلحہ، ایمونیشن اور مواصلاتی آلات میں خرد برد

**محکمہ داخلہ کی شکایت پر اینٹی کرپشن کی CTD کے ASI کیخلاف بڑی کارروائی**

نصیرآباد (خ ن) سرکاری اسلحہ، ایمونیشن اور مواصلاتی آلات کی خرد برد، اینٹی کرپشن بلوچستان کی بڑی کارروائی ڈپٹی ڈائریکٹر اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ نصیرآباد کے جاری کردہ ایک پریس ریلیز کے مطابق ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان عبدالواحد کاکڑ کی ہدایت اور ڈپٹی ڈائریکٹر انویسٹی گیشن عظیم انجم بابھی و انویسٹ ......... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

ی گیشن آفیسر عبدالقیوم کی نگرانی میں ایک اہم کارروائی عمل میں لائی گئی۔ یہ شکایت محکمہ داخلہ حکومت بلوچستان کی جانب سے موصول ہوئی جس کے ساتھ محکمانہ انکوائری رپورٹ اور دیگر شواہد پولیس اسٹیشن نصیرآباد کے انچارج (CTD) بھی منسلک تھے۔ شکایت میں الزام تھا کہ انسداد دہشت گردی ڈیپارٹمنٹ کے اے ایس آئی عبدالمجید نے سرکاری اسلحہ، گولہ بارود، آلات اور دیگر قیمتی سرکاری اشیاء میں خرد برد کی ہے۔ محکمانہ انکوائری کے مطابق ایس اوڈبلیو نصیرآباد کو متعدد اقسام کے ہتھیار اور گولیاں سی ٹی ڈی ہیڈ کوارٹر جمع کرانے کی ہدایت کی گئی تھی، جن میں 16 ایس ایم جیز کے ساتھ 48 میگزینز اور 5400 راؤنڈز، 10 جی تھری رائفلو کے ساتھ 20 میگزینز اور 10000 راؤنڈز، آئین ایم ایم گلاک پسٹلو کے ساتھ 1500 راؤنڈز، 5 اسالٹ رائفلو کے ساتھ 20 میگزینز، اور 20 پی کے ایس ایم جیز کے ساتھ 40 میگزینز شامل تھے۔ تاہم جب اسلحہ جمع کروایا گیا

## منشیات کے پھیلاؤ اور استعمال کو روکنے کیلئے ہر شہری اپنا کردار ادا کرے، ڈی جی ایکسائز اینڈ نارکوٹکس

**مائلو شہید ٹرسٹ نے نوجوانوں کو اس بری لعنت سے بچا کر انہیں معاشرے کا کارآمد شہری بنایا ہے، غلام عباس**

**مائلو شہید ٹرسٹ کے زیراہتمام منشیات کے عالمی دن کے موقع پر مری آباد میں ریلی میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی شرکت**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ نارکوٹکس بلوچستان محمد ایوب ہزارہ، مائلو شہید ٹرسٹ کے غلام عباس، کچلاک ویلفیئر سوسائٹی کے ملک رشید کاکڑ، سوشل ویلفیئر کے حمید رند، نیشنل پارٹی کے رمضان ہزارہ، پیپلز پارٹی کے سید داؤد آغا سمیت دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ حکومت صوبے میں منشیات کے بڑھتے ہوئے پھیلاؤ اور استعمال کو روکنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاکر نوجوان نسل کو اس لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے اپنا کردار ادا کرے ان خیالات کا اظہار انہوں نے مائلو شہید ٹرسٹ کے زیراہتمام منشیات کے عالمی دن کے موقع پر مری آباد میں ریلی نکالی گئی ریلی میں معاشرے کے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی بڑی تعداد کے علاوہ تعلیمی اداروں کے طلباء کی بڑی تعداد بھی شریک تھیں۔ ریلی کے شرکاء نے بینرز اور پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر منشیات سے انکار زندگی سے پیار، منشیات کے خاتمے کے حوالے سے نعرے درج تھے۔ مظاہرین نے کہا کہ مائلو شہید ٹرسٹ بلوچستان میں پہلا نشے کے عادی افراد کے علاج معالجے اور ان کی ری ہیبلیٹیشن کا ادارہ جس نے بہت سے نوجوانوں کو اس بری لعنت سے بچا کر انہیں معاشرے کا کارآمد شہری بنایا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہئے کہ کوئٹہ اور صوبے میں منشیات کے بڑھتے ہوئے استعمال اور پھیلاؤ کو روکنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے اور جو غیر سرکاری ادارے اور تنظیمیں منشیات کے تدارک اور نشے کے عادی افراد کی بحالی کیلئے کام کر رہے ہیں ان کے ساتھ تعاون کریں حکومت منشیات کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے خصوصی توجہ دے نوجوان نسل تیزی سے منشیات کی لعنت میں مبتلا ہو رہی ہے ہم سب نے مل کر اس کے تدارک کو یقینی بنا کر نوجوان نسل کو اس بری لعنت سے محفوظ رکھنا ہے یہ ہم سب کا فرض اور ذمہ داری ہے۔

## بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے محکمہ ترقی نسواں کا اجلاس

**خواتین کو کام کی جگہ پر ہراسانی سے تحفظ سے متعلق قانون پر غور**

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے محکمہ ترقی نسواں کا اجلاس، خواتین کو کام کی جگہ پر ہراسانی سے تحفظ سے متعلق قانون پر غور بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے محکمہ ترقی نسواں کا اجلاس آج کمیٹی کے چیئرمین فضل قادر مندوخیل کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی محترمہ غزالہ گولہ، اراکین اسمبلی میرز ......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

ابد علی ریکی، راحیلہ حمید خان درانی، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی، فرح عظیم شاہ، کلثوم نیاز بلوچ، صفیہ بی بی، مینہ مجید بلوچ اور سلمیٰ کاکڑ نے شرکت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، سیکرٹری محکمہ ترقی نسواں سائرہ عطاء اور ایڈیشنل سیکرٹری اسمبلی عبدالرحمن بھی شریک تھے۔ اجلاس کے دوران خواتین کو کام کی جگہ پر ہراسانی سے تحفظ فراہم کرنے سے متعلق ترمیمی مسودہ قانون 2025 کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2 Dated: Page No. 15


# گوادر فش انڈسٹری کو فروغ دینا ترجیحات میں شامل ہے

نورالحق بلوچ

چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ سے گوادر چیمبر آف کامرس کے فش پروسیسنگ پلانٹ اورفش فیکٹری مالکان پر مشتمل وفد نے ملاقات کی

وفد نے چیئرمین گوادر بندرگاہ کو مقامی فش فیکٹریوں کو درپیش مسائل سے آگاہ کرتے ہوئے ان کے فوری حل کے لیے اقدامات کا مطالبہ کیا

گوادر(بیورو رپورٹ) چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ سے گوادر چیمبر آف کامرس کے فش پروسیسنگ پلانٹ اورفش فیکٹری مالکان پر مشتمل وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں معروف صنعتکار ناگمان عبدل، حاجی غلام محمد اور نعیم رشید شامل تھے۔ ملاقات میں گوادر کی فش پروسیسنگ انڈسٹری کو درپیش مسائل، فش فیکٹریوں سے گوادر پورٹ کے ذریعے براہِ راست برآمدات کی سہولیات اور بندرگاہ سے متعلق دیگر امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ وفد نے چیئرمین گوادر بندرگاہ کو مقامی فش فیکٹریوں کو درپیش مسائل بقیہ نمبر23 صفحہ 5 پر

سے آگاہ کرتے ہوئے ان کے فوری حل کے لیے اقدامات کا مطالبہ کیا۔ چیئرمین نورالحق بلوچ نے وفد کو یقین دلایا کہ گوادر کی فش انڈسٹری کو فروغ دینا جی پی اے کی ترجیحات میں شامل ہے اور مقامی صنعتکاروں کو سہولیات فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ گوادر کی معاشی ترقی میں فش پروسیسنگ سیکٹر کا اہم کردار ہے، اور جی پی اے اس شعبے کی بہتری کے لیے چیمبر آف کامرس کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہے گا۔

CamScanner

## سرکاری ملازمین کی گرفتاری اور جیل منتقلی باعث تشویش ہے، ڈاکٹر مالک

### حکومت تصادم سے گریز کرتے ہوئے اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مذاکرات کرے، سابق وزیراعلیٰ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سابق وزیراعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے سرکاری ملازمین کی گرفتاری اور انہیں جیل منتقل کرنے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ نیشنل پارٹی سیاسی وجمہوری جماعت ہے اور عوامی حقوق، انسانی آزادی اور ملازمین کی آواز کو دبانے کی مخالفت کرتی ہے یہ بات انہوں نے پارٹی کے مرکزی لیبر سیکرٹری داد محمد بلوچ سے بات چیت کرتے ہوئے کہی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے حکومت کے اعلیٰ ذمہ داران سے رابطہ کیا اور ان پر معاملے کو بات چیت سے حل کرنے پر زور دیا سابق وزیراعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ حکومت تصادم سے گریز کرتے ہوئے اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مذاکرات کرے نیشنل پارٹی ملازمین کے جائز مطالبات کی حمایت اور ان پر عمل کے لیے کردار ادا کرتی رہے گی انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی محنت کشوں کے حقوق کے لیے آواز بلند کرتی رہے گی۔

## امن وامان برقرار رکھنے کے لیے علما کرام اپنا کردار ادا کریں، قاری مہر اللہ

### فروعی اختلافات میں ایک دوسرے کے مسالک کا احترام کیا جائے، امیر جمعیت نظریاتی ضلع کوئٹہ کا بیان

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ نے کہا ہے کہ محرم الحرام میں امن وامان برقرار رکھنے کے لیے علما کرام اپنا کردار ادا کریں فروعی اختلافات میں ایک دوسرے کے مسالک کا احترام کیا جائے دشمن قوتیں فرقہ واریت کو ہوا دینے کی کوشش کررہی ہیں ہمیں چاہیئے کہ محرم الحرام میں برداشت اور محبت کو فروغ دیں تمام صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کی قربانیاں رہتی دنیا کے لئے ایک مشعل راہ کی حیثیت رکھتی ہیں یہ مہینہ انسانی تاریخ میں عظیم قربانیوں سے عبارت ہے انہوں نے کہا کہ حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا عہد خلافت خدمات، جرات و بہادری، فتوحات اور شاندار کردار سے مزین ہے ان کے کارنامے اسلام کا سنہرا باب ہیں۔

## اہم تجارتی راستے انگور اڈہ گیٹ کی دوسال سے بندش قابل تشویش ہے، پشتونخوا میپ

### بیس برس سے جنگوں، نقل مکانیوں اور حکومتی بے حسی نے اس علاقے کو پہلے ہی ویران کررکھا ہے، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے پارٹی خیبر پشتونخوا، جنوبی وزیرستان کے اہم تجارتی راستے انگور اڈہ گیٹ کی دوسالہ مسلسل بندش پر شدید تشویش اور افسوس کا اظہار کرتی ہے۔ یہ راستہ نہ صرف پاک افغان تجارت کے لیے اہم مرکز ہے بلکہ علاقے کے ہزاروں لوگوں کی روزی روٹی کا واحد ذریعہ ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ گیٹ سرحد پار تجارت کے لیے مرکزی راستہ ہے۔ پچھلے بیس برسوں سے مسلسل جنگوں، نقل مکانیوں اور حکومتی جبر، بے حسی نے اس علاقے کو پہلے ہی ویران کررکھا ہے، اور اب انگور اڈہ گیٹ کی بندش نے رہی سہی کسر بھی پوری کردی ہے۔ تاجر برادری، جو پشتون وطن کی معیشت کا ستون ہے، آج شدید مالی بحران سے گزر رہی ہے۔ دوسال سے کاروبار مکمل طور پر بند پڑے ہیں، اچھے اور گزارے والے خاندان نان شبینہ کے محتاج بن گئے ہیں۔ اور ان کے قانونی تجارت ختم کردی گئی ہے اور حکومت کی مسلسل بے حسی اور عوام دشمنی نے مایوسی اور بداعتمادی کو جنم دیا ہے۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ انگور اڈہ تجارتی پوائنٹ پر ماضی کی طرح تجارت بحال کرنے کے لیے صوبائی حکومت عملی اقدامات اٹھائیں اور حکومت کی ذمہ داری ہے کہ قانونی تجارت کو بحال کرکے علاقے کے عوام کی رزق وروزی کا انتظام ہو

MASHRIQ QUETTA

## عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، حاجی علی مدد جتک

### مسائل کے حل کیلئے متعلقہ اداروں سے بات کی جائے گی

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن اور رکن صوبائی اسمبلی، حاجی علی مدد جتک سے آج ان کی رہائش گاہ "جتک ہاؤس" سریاب میں مختلف قبائلی معتبرین نے ملاقات کی۔ اس ملاقات میں علاقے کے عوام کو درپیش مختلف سماجی، معاشی اور .......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

بنیادی سہولیات سے متعلق مسائل پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ قبائلی عمائدین نے علاقے میں درپیش مسائل سے متعلق تفصیل سے آگاہ کیا حاجی علی مدد جتک نے تمام مسائل کو نہایت توجہ اور سنجیدگی سے سنا اور قبائلی معتبرین کو مکمل یقین دہانی کرائی کہ وہ ان مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ علاقے کے عوام کے مسائل ان کی ترجیحات میں شامل ہیں اور ان کے حل کے لیے متعلقہ اداروں سے بھی بات کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور عوامی مسائل کے حل کے لیے ہر سطح پر اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ ملاقات کے اختتام پر قبائلی معتبرین نے حاجی علی مدد جتک کے تعاون اور مسائل کے حل کے لیے کی جانے والی کوششوں پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

MASHRIQ QUETTA

## محرم الحرام صبر وتحمل کا درس اور امام حسینؓ کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، مولانا ہدایت الرحمن

### ہمیں ظلم کے خلاف متحد ہو کر امام حسینؓ کے مشن کو جاری رکھنے کی ضرورت ہے، امن کی بحالی کیلئے تمام مسالک اپنا کردار ادا کریں

### علماء اور ذاکرین اپنے خطبوں میں فرقہ واریت اور نفرت کے خاتمے اور امن ومحبت کا درس دیں تاکہ لوگوں کی جان ومال محفوظ رہ سکیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ملی یکجہتی کونسل بلوچستان کے صدر رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ محرم الحرام کا مہینہ ہمیں صبر وتحمل اور حضرت امام حسینؓ کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے ہمیں ظلم کے خلاف متحد ہو کر ان کے مشن کو جاری رکھنے کی ضرورت ہے۔ امن کی بحالی کیلئے تمام مسالک اپنا کردار ادا کریں۔ علما، اور ذاکرین اپنے خطبوں میں فرقہ واریت اور نفرت کے خاتمے اور امن و محبت کا درس دیں تاکہ لوگوں کی جان ومال محفوظ رہ سکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں ملی یکجہتی کونسل کے رہنماؤں سید حبیب .......... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

اللہ شاہ چشتی، علامہ ولایت حسین جعفری، مولانا انوار الحق حقانی، ادریس مغل، علامہ سید رضا اخلاقی، سہیل شیرازی سمیت دیگر کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دنوں ملی یکجہتی کونسل کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ایران پر حملے، محرم الحرام کے دوران امن وامان سمیت دیگر معاملات زیر بحث آئے امریکہ، اسرائیل اور بھارت پوری دنیا میں انسانیت کے قتل عام میں ملوث ہیں ڈونلڈ ٹرمپ کو نوبل انعام سے متعلق فیصلے پر افسوس ہے

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 27 JUN 2025 Page No. 17

## نوجوانوں کا منشیات کے گرداب میں پھنسنا تشویشناک ہے، جمال رئیسانی

### قانون سازی کے ساتھ قوانین پر موثر اور غیر جانبدارانہ عملدرآمد بھی ضروری ہے

کوئٹہ (اے پی پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے منشیات کے خلاف عالمی دن کی مناسبت سے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ بلوچستان کے پانچ لاکھ نوجوان منشیات کے گرداب میں پھنسے ہوئے ہیں، یہ ایک تشویشناک اور لمحہ فکریہ حقیقت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صرف قانون سازی کر........

بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

کافی نہیں، جب تک ان قوانین پر موثر اور غیر جانبدارانہ عملدرآمد نہیں ہوتا، تب تک کوئی بھی تبدیلی ممکن نہیں۔ 2024 کی بلوچستان اسمبلی کی قرارداد پر عملدرآمد اب محض ایک مطالبہ نہیں بلکہ ناگزیر قومی ضرورت ہے، کیونکہ نوجوانوں کا مستقبل اور بلوچستان کا استحکام ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے اس بات پر زور دیا کہ منشیات کے خاتمے کے لیے ہمیں قانون، تعلیم، روزگار، آگاہی اور نوجوانوں کی رہنمائی کو یکجا کرنا ہوگا تاکہ ایک باوقار، صحت مند اور ترقی یافتہ بلوچستان کی بنیاد رکھی جا سکے۔

INTEKHAB QUETTA

## تربت، عبدوئی بارڈر بندش کیخلاف سی پیک روٹ پر احتجاج

### گھنہ کراس کے مقام پر زمیاد گاڑی مالکان، ڈرائیورز اور ڈپو ورکرز کے بارڈر کی مسلسل تین ماہ سے جاری بندش کے خلاف احتجاجاً سی پیک روڈ بند کردیا

### مظاہرین پہلے ڈی بلوچ کے مقام پر احتجاجی دھرنا دینا چاہتے تھے تاہم پولیس نے روک دیا، بارڈر بندش سے عوام نان شبینہ کے محتاج ہوکر رہ گئے ہیں، مظاہرین

تربت (نمائندہ انتخاب) ایران سے متصل عبدوئی کراسنگ پوائنٹ کی بندش کے خلاف بارڈر بچاؤ تحریک ودیگر اسٹیک ہولڈرز اور زمیاد گاڑی مالکان نے سی پیک شاہراہ ایم ایٹ پر دھرنا دیکر ٹریفک معطل کردی، عبدوئی کراسنگ پوائنٹ پر تیل کے کاروبار سے منسلک گاڑی مالکان نے ایران اور اسرائیل کے درمیان حال ہی میں کشیدہ صورت حال کے بعد جنگ بندی ہونے پر بھی کراسنگ پوائنٹ نہ کھولنے کے خلاف جمعرات کو ایم ایٹ شاہراہ ڈی بلوچ کے مقام پر بلاک کردی ہے، بارڈر بچاؤ تحریک کے سرپرست اعلیٰ سردار ولی خان یلانزئی زامرانی ودیگر اسٹیک ہولڈرز اور زمیاد گاڑی مالکان، ڈرائیورز نے

بقیہ نمبر 69 صفحہ 5 پر

کے ایران پر حملہ ملکی حالات سمیت دیگر امور پر تفصیلی غور ہوا اجلاس میں یکم محرم الحرام سے ملک میں نئے رکنیت سازی شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا اور مفتی شفیع الدین کو جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی کنونیئر اور قاری مہر اللہ کو بلوچستان مولانا محمد قاسم مخلص کو صوبہ خیبر پختونخواہ مولانا قمر الدین کلاچی کو صوبہ سندھ قاری محمد اکمل کو پنجاب کا کنونیئر مقرر کردیا گیا رکنیت سازی تین ماہ تک جاری رہے گی تین ماہ بعد مرکز اور صوبوں کے امراء و عہدیداران کا انتخاب ہوگا اور نئے انتخابات تک جمعیت علما اسلام نظریاتی کے ہر سطح تک موجودہ کابینہ برقرار اور کنونگ باڈیوں سے مکمل رکنیت سازی میں بھرپور کردار ادا کریگی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 27 JUN 2025 Page No. 18

---

لشکری رئیسانی

# اقوام میں انتشار پیدا کرنے والے قوموں کے دشمن ہیں

## بلوچستان عظیم تاریخی روایات کی سرزمین ہے، یہاں قوموں اور برادریوں کے درمیان قدر مشترک سرزمین کی مٹی ہے

**لورالائی کے ایک روزہ دورے کے موقع پر صدام خان علیزئی کی رہائش گاہ پر اپنے اعزاز میں دیئے گئے ظہرانے کے شرکاء سے، سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں، کارکنوں، قبائلی عمائدین کے وفود سے ملاقات**

لورالائی (آن لائن) سینئر سیاستدان سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ بلوچستان عظیم تاریخی روایات کی سرزمین ہے، یہاں قوموں اور برادریوں کے درمیان قدر مشترک سرزمین کی مٹی ہے، اس مٹی کے رشتہ کو خون کے رشتہ سے زیادہ مقدس سمجھتا ہوں ہمیں چاہئے کہ اپنے درمیان موجود انتشار کا خاتمہ کریں اس میں ہی آئندہ نسلوں کی بقا ہے ورنہ نہ تو آئندہ نسلیں اور نہ ہی تاریخ ہمیں معاف کرے گی۔ یہ بات انہوں نے لورالائی کے ایک روزہ دورے کے موقع پر صدام خان علیزئی کی رہائش گاہ پر اپنے اعزاز میں دیئے گئے ظہرانے کے شرکاء سے، سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں وکارکنوں

بقیہ نمبر 48 صفحہ 5 پر

قبائلی عمائدین کے وفود سے ملاقات میں بات چیت کرتے ہوئے کی۔ اس موقع پر سابق وفاقی وزیر میر ہمایوں عزیز کرد بھی ان کے ہمراہ تھے۔ قبل ازیں نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے دورے کے دوران قبائلی رہنما حاجی میر بدل خان لانگو کی رہائش گاہ جا کر لورالائی یونیورسٹی کے رجسٹرار اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر میر نجیب اللہ لانگو اور ان کے اہلیہ کی ٹریفک کے المناک حادثے میں وفات پر حاجی میر بدل خان لانگو، میر حبیب اللہ لانگو، میر حمید اللہ لانگو، میر حفیظ اللہ لانگو، میر ثناء اللہ لانگو، میر ہدایت لانگو سے تعزیت کا اظہار اور مرحومین کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی، اس موقع پر سیاسی وقبائلی عمائدین بھی موجود تھے، نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے سینئر رہنما ملک افغان کے انتقال پر ان کی رہائش گاہ جا کر پسماندگان سے تعزیت کا اظہار، مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی، بعد ازاں نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی، صدام خان علیزئی اور اسد خان علوئی کی جانب اپنے اعزاز میں دیئے گئے ظہرانے میں شریک ہوئے، اس موقع پر عوامی نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر منظور خان کاکڑ، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے ضلعی سیکرٹری مصطفیٰ کمال کاکڑ سمیت دیگر سیاسی وقبائلی عمائدین وسیاسی کارکنوں نے نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی سے ملاقات اور ان سے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے وفود سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان عظیم تاریخی روایات کی سرزمین ہے، یہاں قوموں اور برادریوں کے درمیان قدر مشترک اس سرزمین کی مٹی ہے اور میں اس مٹی کے رشتہ کو خون کے رشتہ سے زیادہ مقدس سمجھتا ہوں، ہمیں چاہیے کہ ہم قدر مشترک پر اپنی قومی خوشحالی اور وقار کیلئے جدوجہد کریں، انہوں نے کہا کہ یقیناً پوری دنیا میں سیاسی جماعتوں کے درمیان نظریہ اور فکر کا اختلاف ہوتا ہے مگر قدر مشترک وطن کی مٹی ہوتی ہے قوموں کی ترقی اور اتفاق کو ختم کر کے ذاتی مفادات کیلئے اقوام کے درمیان انتشار اور تعصب پیدا کرنے والے قوموں کے دشمن ہیں انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں سیاسی جماعتوں میں نظریہ اور فکر پر اختلاف رائے موجود ہے مگر یہاں سیاسی جماعتوں کے درمیان نظریہ اور فکر کا اختلاف انتشار میں تبدیل ہوا ہے جس سے بالادست طبقے اور خوش آمدی فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں چاہئے کہ اپنے درمیان موجود انتشار کا خاتمہ کریں اس میں ہی آئندہ نسلوں کی بقا ہے ورنہ نہ تو آئندہ نسلیں اور نہ ہی تاریخ ہمیں معاف کرے گی۔ نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی لورالائی میں انتہائی معروف دن گزار، لوگوں کی بڑی تعداد نے ان سے ملاقات کی مختلف مقامات پر ان کا استقبال کیا اور ان کی گاڑی روک پر ان کیساتھ تصویریں بھی بنوائیں۔

---

# گرینڈ الائنس کا عدالت جانے اور اسلام آباد تک لانگ مارچ کا اعلان

## لاک ڈاؤن جاری رہے گا 28 جون کو اعلان کردہ پہیہ جام ہڑتال عوام مشکلات کے پیش نظر موخر، ملازمین آج سے روزانہ پانچ گھنٹے کی علامتی بھوک ہڑتال کرینگے، کور کمیٹی اجلاس میں فیصلے

**حب میں سرکاری دفاتر کی تالہ بندی، تربت یونیورسٹی میں بھی تدریسی وانتظامی عملے کا احتجاج، قلات میں سرکاری امور ٹھپ**

کوئٹہ/حب/تربت/قلات (نمائندگان انتخاب) بلوچستان گرینڈ الائنس مطالبات منوانے کے لئے ڈٹ گئی، کئی گھنٹوں پر محیط کور کمیٹی کے اجلاس میں اہم فیصلے، لاک ڈاؤن جاری رکھنے کا فیصلہ 28 جون کی اعلان کردہ پہیہ جام ہڑتال عوامی مشکلات کے پیش نظر موخر، نئے بجٹ کی پی ایس ڈی پی کو عدالت میں چیلنج کرنے کا اعلان، کوئٹہ اور مچھ جیل

بقیہ نمبر 32 صفحہ 5 پر

میں قید ملازمین آج سے روزانہ پانچ گھنٹے کی علامتی بھوک ہڑتال کریں گے، 28 جون کو تمام اضلاع کے پریس کلبز کے باہر احتجاجی مظاہرے کئے جائیں گے اور اس کے بعد اسلام آباد کی طرف مارچ کیا جائے گا۔ گرینڈ الائنس کے جاری کردہ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ بلوچستان میں پیپلز پارٹی کی قیادت ہمیں اسمبلی کے باہر احتجاج نہیں کرنے دیتی ہم اسلام آباد جا کر ایوان صدر کے باہر دھرنا دیں گے تاکہ صدر مملکت آصف علی زرداری اور چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کو پتہ چلے کہ ان کی حکومت ہمارے ساتھ کیا کر رہی ہے، ہم کسی وزیر یا بڑے وزیر کی انا اور ضد کے آگے ہار نہیں مانیں گے ملازمین سرکلر اور بیانات کے دباؤ میں نہیں آئیں گے۔ بلوچستان گرینڈ الائنس کوئٹہ ریلی پر پولیس کریک ڈاؤن اور قیادت کی گرفتاری کے خلاف الائنس کی مرکزی کال پر گزشتہ روز حب میں بھی سرکاری دفاتر کی تالہ بندی کر دی گئی اکثر دفاتر میں کام ٹھپ ہو کر رہ گیا جبکہ کافی سرکاری دفاتر کے ملازمین مقام تبدیل کر کے جون کلوزنگ سیزن کے کام میں مصروف دکھائی دیئے اس حوالے سے بتایا جاتا ہے کہ سرکاری ملازمین کے مطالبات کے حق میں بلوچستان گرینڈ الائنس کی ریلی پر گزشتہ روز کوئٹہ میں پولیس کے کریک ڈاؤن اور گرفتاریوں کے خلاف تنظیمی عہدیداران نے حب میں قائم مختلف سرکاری محکموں کے دفاتر کا دورہ کیا اور کھلے ہوئے دفاتر کو بند کر کے تالہ بندی کر دی گئی جسکی وجہ سے عام سائلین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا تاہم کافی دفاتر کے ملازمین باہر سے تالا لگا کر اور مقام تبدیل کر کے جون کلوزنگ سیزن کے کام میں مصروف رہے۔ یونیورسٹی آف تربت کے تدریسی وانتظامی عملے کا حکومت کی تعلیم دشمن فیصلوں اور ملازمین کے حقوق کی پامالی کے خلاف احتجاج جاری، یونیورسٹی آف تربت کے اساتذہ اور انتظامی عملہ گزشتہ ایک ماہ سے اپنے جائز حقوق کے تحفظ اور تعلیم دشمن حکومتی پالیسیوں کے خلاف مسلسل احتجاج پر ہیں، اس سلسلے میں یونیورسٹی کے ٹیچنگ اینڈ ایڈمنسٹریٹو اسٹاف الائنس کی جانب سے جاری کردہ ایک اعلامیے میں حکومت بلوچستان کی جانب سے جامعات کے ملازمین کی تنخواہوں اور الاؤنسز میں کٹوتی اور آپریشنل بجٹ کی بندش کو ایک غیر منصفانہ، جابرانہ اور تعلیم دشمن اقدام قرار دیا گیا ہے، اعلامیے میں حکومت جامعات کے سالانہ بجٹ کو کم از کم 11 ارب روپے تک بڑھائے، تنخواہوں اور الاؤنسز میں کٹوتی سے متعلق نوٹیفکیشن کو فی الفور منسوخ کرے اور گرینڈ الائنس کے تمام مطالبات تسلیم کرے، اعلامیے میں واضح کیا گیا ہے کہ تربت یونیورسٹی سمیت بلوچستان بھر کی جامعات کا تدریسی وانتظامی عملہ اور دیگر محکموں کے ملازمین اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے ہر قسم کی قربانی دینے کے لیے گرینڈ الائنس کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور کسی بھی دباؤ کو خاطر میں نہیں لایا جائے گا، گرینڈ الائنس کی کال پر یونیورسٹی آف تربت میں کام چھوڑ ہڑتال اور تالہ بندی کا سلسلہ جاری ہے، اساتذہ اور انتظامی عملے کے نمائندوں نے یونیورسٹی کے تمام افسران، اساتذہ اور ملازمین سے اپیل کی ہے کہ وہ اس احتجاج میں بھرپور شرکت کریں اور تالہ بندی کو کامیاب بنا کر حکومت کو تعلیم دوست اقدامات اٹھانے پر مجبور کریں، ان کا کہنا تھا کہ یہ احتجاج صرف تنخواہوں یا بجٹ کا مسئلہ نہیں، بلکہ بلوچستان کے نوجوانوں کے مستقبل، اعلیٰ تعلیم کے تسلسل اور اعلیٰ تعلیمی اداروں کے وقار اور بقا کا معاملہ ہے، جس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ قلات میں بھی بلوچستان بھر کی طرح بلوچستان گرینڈ الائنس کی کال پر دوسرے روز بھی تالہ بندی وتعلیمی اداروں سمیت تمام دفاتر بند، سرکاری امور ٹھپ ہو کر رہ گئے، گرینڈ الائنس کے گرفتار قائدین کو فوری رہا و مطالبات تسلیم کئے جائے، ملازمین کا موقف، تفصیلات کے مطابق قلات میں بلوچستان گرینڈ الائنس کے صوبائی قائدین کی دیگی ہدایات کے مطابق گرفتار قائدین وکارکنان کی رہائی اور چارٹر آف ڈیمانڈ کی منظوری کے لئے صوبہ بھر کی طرح ضلع قلات میں بھی دوسرے روز غیر معینہ مدت کے لئے تمام سرکاری سکولز، کالجز بند، ہسپتالوں کی او پی ڈی اور دیگر دفاتر کی مکمل تالہ بندی کی گئی اور ملازمین نے احتجاجاً مکمل بائیکاٹ کیا ضلعی ایکشن کمیٹی قلات کیجانب سے کل بلوچستان گرینڈ الائنس کی پرامن مظاہرین کی گرفتاری، لاٹھی چارج اور شیلنگ کی شدید الفاظوں میں مذمت کی گئی اس دوران شرکاء سے خطاب میں مشترکہ ملازمین اتحاد قلات کے صدر حاجی غلام قادر عمرانی، صدر جی ٹی اے پی آئی جی وجنرل سیکرٹری ایکشن کمیٹی محمد اشرف دہوار، سیسا کے سینئر رہنما حاجی مجیب الرحمٰن نیچاری، جی ٹی اے پی سینئر نائب صدر وایکشن کمیٹی کے کمری عزیز احمد لہڑی، ایپکا قلات کے جنرل سیکرٹری بابو عنایت اللہ لانگو، پریس سیکرٹری عبدالناصر نیچاری، حاجی غلام علی مینگل، حنیف براہوئی، محمد رمضان زہری سمیت دیگر مقررین نے کہا کہ جب تک گرفتار کارکنان وقائدین کو رہا نہیں کیا جاتا اور مطالبات تسلیم نہیں کی جاتی، تب تک صوبہ بھر کی طرح قلات میں بھی تالہ بندی پر بھرپور عمل درآمد کیا جائیگا اور حقوق کے حصول تک جدوجہد جاری رکھیں گے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 27 JUN 2025

Page No. 20

## بیلہ: بجلی کی طویل بندش کا اعلامیہ، بیلہ کراس پر احتجاجاً قومی شاہراہ بلاک

**شدید گرمی میں بجلی کی بندش عوام کے لیے کسی عذاب سے کم نہیں، صارفین**

بیلہ (نامہ نگار) کراچی الیکٹرک کی جانب سے جمعرات کے روز لسبیلہ کے صارفین کو ایک بار پھر بجلی کی طویل بندش کا سامنا کرنا پڑا جس کا سبب گرڈ اسٹیشن میں نصب ٹریفو ٹرانسفارمر پر ہیوی لوڈ کے باعث فالٹ بتایا گیا ہے جبکہ کے الیکٹرک خود مانتی ہے کہ یہ ٹرانسفارمر بہت پرانا ہو چکا صارفین کا کہنا ہے کہ کراچی الیکٹرک بار بار مختلف بہانوں سے بجلی بند کر دیتی ہے لیکن مسئلے کا مستقل حل نہیں نکالا جاتا، شدید گرمی میں بجلی کی بندش عوام کے لیے کسی عذاب سے کم نہیں اور گھریلو صارفین کاروباری حضرات، زراعت پیشہ افراد و دیگر مسلسل غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے بری طرح متاثر ہیں انہوں نے کہا کہ یہ سب کچھ لوڈ مینجمنٹ یعنی لوڈ شیڈنگ کو جواز دینے کیلئے کیا جا رہا ہے وگرنہ اگر مخصوص ٹرانسفارمر پرانا اور ناقابل اعتبار ہو چکا تو اسے مکمل طور پر تبدیل کر دیا جائے یاد رہے کہ کراچی الیکٹرک نے گزشتہ روز لسبیلہ سمیت وندر کے علاقے کی بجلی صبح نو بجے سے لے کر رات گیارہ بجے تک بند رکھنے کا اعلامیہ جاری کیا تھا جس پر بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب سول سوسائٹی بیلہ کے قائدین عبدالواحد بلوچ، گلزار حسین و دیگر کی قیادت میں عوام نے قومی شاہراہ بیلہ کراس کے مقام پر احتجاجاً ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بند کر دی تاہم اسسٹنٹ کمشنر بیلہ رومیل نعیم جان اور ایس ایچ او وحید علی گمشی کے مظاہرین سے کامیاب مذاکرات پر شاہراہ کھول دی گئی دوسری جانب مینٹیننس کی بنیاد پر جمعرات کی صبح دس بجے سے ہمارے پریس میں رپورٹ کرنے تک بجلی مکمل طور پر بند رہی۔

## جناح ٹاؤن میں پانی کی قلت برقرار

**مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جناح ٹاؤن میں پانی کی قلت برقرار، مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، تفصیلات کے مطابق مکینوں نے بتایا کہ جناح ٹاؤن میں پانی کی قلت ہے، اس کے علاوہ پانی بھی گدلا آ رہا ہے، اس کے علاوہ پانی کی فراہمی کا دورانیہ بھی کم ہے، مکینوں کو ٹینکر خرید کر گزارہ کرنا پڑ رہا ہے، انھوں نے کنٹونمنٹ بورڈ کے اعلیٰ حکام سے اپیل کی ہے کہ وہ اس مسئلے کو فوری طور پر حل کریں، تاکہ مکینوں کی مشکلات کا ازالہ ہو سکے۔

INTEKHAB QUETTA

## قلات ہسپتال کا سولر سسٹم ناکارہ ضروری ادویات یا سامان بھی ناپید

**ہسپتال میں ڈائیلاسز کی مشینیں موجود ہونے کے باوجود بجلی کی عدم دستیابی نے ان مشینوں کو ناکارہ بنا دیا ہے، رپورٹ**

قلات (نمائندہ انتخاب) آغا عبدالکریم خان ففٹی بیڈ ہسپتال قلات میں بجلی کا شدید بحران، سولر سسٹم ناکارہ، ڈائیلاسز کیلئے ٹیوبنگ فلٹر و دیگر ضروری سامان ناپید، ڈائیلاسز کے مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا، قلات کے آغا عبدالکریم خان 50 بیڈڈ ہسپتال میں بجلی کے بدترین بحران نے مریضوں کو شدید اذیت میں مبتلا کر دیا ہے۔ بالخصوص ڈائیلاسز کے مریضوں کو گزشتہ تین روز سے علاج کی سہولت میسر نہیں، جس کے باعث انہیں کوئٹہ یا مستونگ یا دیگر شہروں کا رخ کرنا پڑ رہا ہے ہسپتال میں ڈائیلاسز کی مشینیں موجود ہونے کے باوجود بجلی کی عدم دستیابی نے ان مشینوں کو ناکارہ بنا دیا ہے۔ صورتحال یہ ہے کہ نہ تو ہسپتال میں جنریٹر چلایا جا رہا ہے اور نہ ہی کوئی متبادل نظام جیسے کہ سولر سسٹم فعال ہے۔ مریض اور ان کے اہلخانہ ہزاروں روپے خرچ کر کے دوسرے شہروں میں علاج کے لیے جانے پر مجبور ہیں ذرائع کا کہنا ہے کہ اس کربناک صورتحال سے ہندو برادری سے تعلق رکھنے والے مریضوں سمیت درجنوں افراد متاثر ہوئے ہیں۔ شہریوں نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ ہسپتال کو فوری طور پر واپڈا کی لوڈ شیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دیا جائے یا کم از کم صبح سے دفتری اوقات تک بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ مریضوں کا بروقت علاج ممکن ہو سکے عوامی حلقوں اور مریضوں نے اس افسوسناک صورت حال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے چیف سیکرٹری، صوبائی وزیر صحت، سیکرٹری ہیلتھ اور خصوصاً ڈپٹی کمشنر جمیل احمد بلوچ سے فوری نوٹس لے کر ففٹی بیڈڈ ہسپتال قلات کے اس اہم مسئلہ کے حل کیلئے اقدامات اٹھائیں

CamScanner

امن وامان

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 27 JUN 2025 Page No. 19


## تمپ، مسلح افراد نے عملے کو باہر نکال کر نادرا آفس کو آگ لگادی

**حملہ آوروں کی تعداد ایک درجن سے زائد تھی، فرار ہوتے ہوئے سیکورٹی گارڈز کا اسلحہ بھی ساتھ لے گئے**

**دفتر اور ریکارڈ مکمل طور پر جل گیا، فائر بریگیڈ کے عملے نے آگ پر قابو پایا، سرچ آپریشن کا آغاز**

کوئٹہ، تربت (اسٹاف رپورٹر) تمپ میں مسلح افراد کا نادرا آفس پر حملہ شدید فائرنگ عملے کو باہر نکل کر سرکاری ریکارڈ کو آگ لگا دی سیکورٹی گارڈز کا اسلحہ بھی ساتھ لے گئے لیویز ذرائع کے مطابق تمپ میں نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) آفس میں جمعرات کو ساڑھے بارہ بجے ایک درجن مسلح افراد داخل ہوئے اور عملے اور سیکورٹی گارڈز کو ہراساں کرتے ہوئے شدید فائرنگ کی عملے کو باہر نکل کر سرکاری ریکارڈ کو آگ لگا کر چار موٹرسائیکلوں پر فرار ہو گئے آگ کے باعث دفتر مکمل طور پر جل گیا اطلاع ملنے پر سیکورٹی فورسز اور لیویز کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی جبکہ فائر بریگیڈ کے عملے نے آگ پر قابو پایا سیکورٹی فورسز نے ملزمان کی گرفتاری کیلئے سرچ آپریشن شروع کردیا۔ واضح رہے کہ اس واقعے سے قبل ہوشاپ اور دشت کھڈان میں بھی نادرا دفاتر کو جلانے کے واقعات رونما ہو چکے ہیں جبکہ 5جون 2025 کو اسسٹنٹ کمشنر تمپ کو بھی نامعلوم افراد نے اس وقت اغوا کیا جب وہ اپنی فیملی کے ہمراہ تمپ سے کوئٹہ جارہے تھے۔ تاہم ان کی بازیابی کے حوالے سے تاحال کوئی پیش رفت سامنے نہیں آسکی۔

## ڈھاڈر اور ڈیرہ مراد میں دھماکے دو سیکورٹی اہلکار زخمی

**مستونگ میں 8 ٹرکوں پر فائرنگ**

**سڑک کنارے نصب بم دھماکوں سے دو گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا، سیکورٹی فورسز نے سرچ آپریشن کا آغاز کردیا**

**مستونگ میں معدنیات لے جانے والے ٹرکوں پر فائرنگ کی گئی، قومی شاہراہ پر فورسز کے گشت میں اضافہ**

کوئٹہ/ ڈھاڈر/ ڈیرہ مراد/ مستونگ (اسٹاف رپورٹر/ نامہ نگاران) ڈھاڈر اور ڈیرہ مراد جمالی میں سیکورٹی فورسز کو نشانہ بنانے کی کوشش ناکام سڑک کنارے نصب بم دھماکوں میں دو اہلکار زخمی ہو گئے دو گاڑیوں کو جزوی نقصان پہنچا جبکہ مستونگ میں معدنیات لے جانے والے 8 ٹرکوں پر مسلح افراد کی فائرنگ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا سیکورٹی فورسز کا سرچ آپریشن جاری۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق ڈھاڈر میں نامعلوم افراد نے سیکورٹی فورسز کو نشانہ بنانے کیلئے قومی شاہراہ پر پیٹرول پمپ کے قریب سڑک کنارے ریموٹ کنٹرول بم نصب کیا تھا جمعرات کو سیکورٹی فورسز کے اہلکار گاڑیوں میں معمول کی گشت کر رہے تھے وہ جیسے ہی قریب پہنچے بم زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں دو اہلکار زخمی ہو گئے ایک گاڑی کو جزوی نقصان پہنچا اطلاع ملنے پر سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا جبکہ علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا سیکورٹی ذرائع کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی میں بھی نامعلوم افراد نے پٹ فیڈر کینال پل کے قریب سڑک کنارے بم نصب کیا تھا جمعرات کی شام پانچ بجے سیکورٹی فورسز کے اہلکار تین گاڑیوں میں ہیڈکوارٹر سے قومی شاہراہ پر گشت کیلئے نکلے گاڑیاں جیسے ہی پٹ فیڈر کینال پل پر پہنچیں تو بم زوردار دھماکے سے پھٹ گیا تاہم دھماکے سیکورٹی اہلکار معجزانہ طور پر محفوظ رہے ایک گاڑی کو جزوی نقصان پہنچا اطلاع ملنے پر سیکورٹی فورسز اور پولیس کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ گئی جبکہ مستونگ نامہ نگار کے مطابق کوئٹہ کراچی شاہراہ پر گزشتہ روز مسلح افراد نے دو مقام پر معدنیات لے جانے والے 8 ٹرکوں پر شدید فائرنگ کی جس کے نتیجے میں ٹرکوں کو نقصان پہنچا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا واقعات کے بعد معدنیات کی ترسیل عارضی طور پر معطل کردی گئی جبکہ سیکورٹی فورسز نے قومی شاہراہ پر گشت میں اضافہ کردیا

## گنداواہ، موٹر سائیکل چھیننے کی واردات کے دوران مذاحمت پر ایک شخص زخمی

گنداواہ (نامہ نگار) گنداواہ سڑک پر موٹر سائیکل چھیننے کی واردات کے دوران مزاحمت پر ایک شخص ڈاکوؤں کی فائرنگ سے زخمی ہو گیا ہے تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ گنداواہ کی حدود درگاہ فتح پور شریف کے قریب موٹر سائیکل چھیننے کی واردات کے دوران مزاحمت کرنے پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے رسول بخش ولد اللہ بخش زخمی ہو گیا جسے ڈی ایچ کیو ہسپتال پہنچایا گیا جہاں اسے طبی امداد دے کر مزید علاج کے لیے لاڑکانہ سندھ ریفر کردیا گیا۔

## اوستہ محمد: مسلح افراد کی فائرنگ، قبائلی رہنما قتل

اوستہ محمد (نامہ نگار) جان کالونی کے قریب نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ، بجوانی قبیلے کی اہم شخصیت قتل، سٹی تھانہ کی حدود میں جان کالونی کے قریب موٹر سائیکل پر سوار نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے اچنیسر خان بجوانی کو قتل کردیا اطلاع ملنے پر پولیس جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور لاش کو قبضے میں لے کر ضروری کارروائی کے لیے ہسپتال پہنچادیا پولیس کے مطابق متوفی کی شناخت 40 سالہ چنیسر بجوانی کے نام سے ہوئی ہے قتل کی وجہ معلوم نہیں ہوسکی تاہم ملزمان کی گرفتاری کے لیے پولیس نے ناکہ بندی کر کے تلاش شروع کردی ہے۔

## چمن: بدنام زمانہ ڈاکو گرفتار

چمن (آئی این پی) چمن میں لیویز فورس کی کامیاب کارروائی میں بدنام زمانہ ڈاکو شمس اللہ عرف خیرن کو گرفتار کر لیا گیا گرفتار ملزم لیویز کو ڈکیتی کی مختلف وارداتوں میں مطلوب تھا۔


MASHRIQ QUETTA


## صحافی کے بھیس میں سمگلر گرفتار 250 کلو چرس برآمد

**ملزم حاجی جمعہ خان کی اداروں کو چکمہ دینے کی ناکام کوشش**

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد کی بڑی کارروائی 250 کلوگرام چرس برآمد، صحافی رنگے ہاتھوں گرفتار تفصیلات کے مطابق ایس پی اوستہ محمد کی ہدایات اور ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد امجد علی جمالی کی نگرانی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ صدر اوستہ محمد منظور احمد جمالی اور انچارج 15 مددگار کرم حسین ببر نے دوران اسپیشل ناکہ ایک مشکوک......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

گاڑی ریوو کو روکا جسے حاجی جمعہ خان ولد فقیر محمد قوم محمد حسنی بروہی ساکن ساگھڑ سندھ چلا رہا تھا۔ گاڑی کی باریک بینی سے تلاشی لینے پر اس میں سے 250 کلوگرام چرس برآمد ہوئی۔ تحقیقات کے دوران انکشاف ہوا کہ مذکورہ ملزم صحافت کی آڑ میں منشیات کا مکروہ کاروبار کر رہا تھا اور خود کو صحافی ظاہر کر کے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو دھوکہ دینے کی کوشش کر رہا تھا۔ پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر کے اس کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے جبکہ گاڑی اور منشیات کو قبضہ میں لے لیا گیا ہے۔ جبکہ ایس ایچ او تھانہ گنداواہ انسپکٹر منحل خان جمالی نے مفرور ملزم میرو خان ولد علی حیدر جمالی ساکن میرو خان جمالی کو بھی گرفتار کرلیا ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد منشیات، جرائم اور قانون شکن عناصر کے خلاف بلا امتیاز اور موثر کارروائیاں جاری رکھے گی۔ پولیس نے کہا کہ قانون شکن عناصر کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے

# ترقی کا سفر، دیرینہ عوامی مسائل اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کا دوٹوک عزم

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے صوبے کے دیرینہ مسائل کے حل کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے اور کہا ہے کہ عوامی مسائل مدنظر رکھتے ہوئے تمام شعبوں کو بہتر بنانے کی کوشش کررہے ہیں، اگلے مالی سال کے بجٹ میں تمام اضلاع کو ترجیح دی گئی ہے۔ یہ ایک انتہائی اہم نقطہ ہے، کیونکہ بلوچستان کے طول و عرض میں پھیلے ہوئے اضلاع کی متوازن ترقی ہی صوبے کی مجموعی خوشحالی کی ضامن بن سکتی ہے۔ ماضی میں اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ ترقیاتی منصوبے چند بڑے شہروں تک محدود رہ جاتے تھے، لیکن موجودہ حکومت کی یہ پالیسی کہ ہر ضلع کو اس کا حق ملے گا، قابل ستائش ہے۔ وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی نے ایک اور اہم سنگ میل کی نشاندہی کرتے ہوئے بتایا کہ پہلی دفعہ صوبے میں ترقیاتی بجٹ سو فیصد استعمال کیا گیا ہے۔ یہ ایک غیر معمولی کامیابی ہے جو نہ صرف حکومتی کارکردگی بلکہ اس کے عزم و ارادے کی بھی غمازی کرتی ہے۔ بجٹ کا سو فیصد استعمال شفافیت اور بہترین منصوبہ بندی کا ثبوت ہے، اور یہ اس بات کی بھی ضمانت ہے کہ عوامی فنڈز کو بہترین طریقے سے عوامی فلاح پر خرچ کیا جارہا ہے۔ یہ اقدام اس تصور کو تقویت دیتا ہے کہ موجودہ قیادت کے تحت بلوچستان اب خوابوں سے نکل کر حقیقت میں ترقی کی راہ پر گامزن ہو چکا ہے۔ نوجوان کسی بھی قوم کا مستقبل ہوتے ہیں، اور بلوچستان کے نوجوانوں کو بااختیار بنانا صوبے کی ترقی کے لئے کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے یہ یقین دہانی کرائی ہے کہ صوبے کے نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی میرٹ کی بنیاد پر دی جائے گی اور جلد ہی تمام آسامیوں پر پڑھے لکھے نوجوانوں کو میرٹ پر نوکریاں ملیں گی۔ یہ ایک ایسا وعدہ ہے جو نوجوانوں میں امید کی ایک نئی کرن پیدا کرتا ہے۔ ماضی میں اقربا پروری اور سفارش پر مبنی بھرتیاں صوبے کی پسماندگی کا ایک بڑا سبب رہی ہیں، لیکن میرٹ کی بالادستی کا یہ عزم ایک مثبت تبدیلی کی نوید ہے۔ وزیر اعلیٰ نے مزید بتایا کہ گزشتہ ایک سال میں 16 ہزار بھرتیاں کی گئیں جس میں تعلیم اور صحت کو اہم ترجیح دی گئی۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ حکومت ان دو بنیادی شعبوں کو ترجیح دے رہی ہے جو کسی بھی معاشرے کی ترقی کے ستون ہیں۔ تعلیم کے شعبے میں ایک اور انتہائی اہم اقدام یہ ہے کہ صوبے میں غیر فعال 3000 سے زائد اسکولوں کو فعال کر دیا گیا ہے۔ یہ ایک بہت بڑا چیلنج تھا جسے کامیابی سے نمٹایا گیا ہے۔ مزید یہ کہ 1200 مزید اسکول تعمیر کیے جائیں گے، جو صوبے میں تعلیمی رسائی کو بڑھانے میں معاون ثابت ہوں گے۔ یہ اقدامات نہ صرف شرح خواندگی میں اضافے کا باعث بنیں گے بلکہ نوجوانوں کو روشن مستقبل کی طرف گامزن کرنے میں بھی مددگار ثابت ہوں گے۔ صوبائی حکومت صرف تعلیم اور روزگار پر ہی نہیں بلکہ بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور عوامی سہولیات کی فراہمی پر بھی خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے اعلان کیا کہ صوبے کے تمام اضلاع میں فروٹ اور سبزی منڈیاں، بس اسٹینڈز، اور لائیو اسٹاک اسٹیشنز کا قیام شامل ہے۔ یہ اقدامات نہ صرف کسانوں اور تاجروں کو سہولت فراہم کریں گے بلکہ صوبے کی معیشت کو بھی مضبوط کریں گے۔ زرعی اور لائیو اسٹاک سیکٹر بلوچستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، اور ان شعبوں میں سرمایہ کاری یقینی طور پر ایک مثبت تبدیلی لائے گی۔ زیر زمین پانی کی سطح کو برقرار رکھنے کے لئے مختلف اضلاع میں کئی ڈیمز بنانے کا بھی اعلان کیا گیا ہے۔ بلوچستان میں پانی کا مسئلہ ایک دیرینہ اور سنگین مسئلہ ہے، اور ڈیمز کی تعمیر اس مسئلے کے حل کے لئے ایک اہم قدم ہے۔ یہ ڈیمز نہ صرف پینے کے پانی کی فراہمی یقینی بنائیں گے بلکہ زرعی مقاصد کے لئے بھی استعمال ہو سکیں گے، جس سے صوبے کی زرعی پیداوار میں اضافہ ہوگا اسی طرح کوئٹہ شہر میں گرین بس، پنک بس، کے علاوہ چیلنجز ٹرین سروس شروع کی جا رہی ہے جس سے کوئٹہ کے شہریوں کو بہترین سفری سہولیات میسر ہوں گی۔ یہ شہری ٹرانسپورٹ کے نظام کو بہتر بنانے کے لئے ایک انقلابی اقدام ہے جو کوئٹہ کے شہریوں کی روزمرہ زندگی کو آسان بنائے گا۔ خاص طور پر پنک بس سروس خواتین کو محفوظ اور آرام دہ سفری سہولیات فراہم کرے گی، جو ایک انتہائی خوش آئند اقدام ہے۔ وزیر اعلیٰ نے وزیر اعظم محمد شہباز شریف کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ جب بھی بلوچستان کو تکلیف ہوئی، وزیر اعظم نے لبیک کیا۔ بلوچستان کے دیرینہ اور حل طلب مسائل کا خاتمہ اجتماعی کاوشوں کا متقاضی ہے موجودہ حکومت نے جس عزم اور عملیت پسندی کا مظاہرہ کیا ہے، وہ قابل ستائش ہے، لیکن ان مسائل پر قابو پانے کے لئے تمام سیاسی جماعتوں اور وفاقی حکومت کی بھرپور معاونت ناگزیر ہے کیونکہ صوبے کے مسائل کا تعلق کسی ایک سیاسی جماعت سے نہیں بلکہ پورے صوبے سے ہے۔ لہٰذا، یہ انتہائی اہم ہے کہ تمام سیاسی جماعتیں، خواہ وہ اپوزیشن میں ہوں یا حکومت کا حصہ، صوبے کی ترقی کے لئے متحد ہو جائیں۔ وزیر اعلیٰ نے بجٹ اجلاس میں اپوزیشن جماعتوں کے کردار کو سراہا ہے، جو ایک مثبت علامت ہے۔ یہ رویہ مستقبل میں بھی برقرار رہنا چاہئے جہاں سیاسی اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے صوبے کی ترقی کو ترجیح دی جائے۔ تمام جماعتوں کو چاہئے کہ وہ تعمیری تجاویز دیں، حکومتی اقدامات کی حمایت کریں اور کسی بھی رکاوٹ کو دور کرنے کے لئے مل کر کام کریں۔ سڑکوں، صحت کے مراکز، تعلیمی اداروں اور پانی کے منصوبوں پر تمام جماعتوں کو ایک ہی صفحے پر ہونا چاہئے کیونکہ یہ تمام اقدامات بلا تفریق صوبے کے ہر شہری کو فائدہ پہنچائیں گے۔ مشترکہ جدوجہد ہی صوبے کو خوشحالی کی راہ پر گامزن کرسکتی ہے بلوچستان کے مسائل سنگین و گھمبیر ضرور ہیں مگر ذرا سی محنت منصوبہ بندی، وسائل اور دوٹوک اقدامات سے یہ مسائل حل ہو سکتے ہیں اور اس وقت وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں بلوچستان میں ایک نئی صبح طلوع ہو رہی ہے۔ ترقیاتی بجٹ کا سو فیصد استعمال، تعلیمی اداروں کی بحالی، روزگار کی فراہمی، اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی جیسے اقدامات صوبے کو ایک مضبوط بنیاد فراہم کررہے ہیں۔ یہ وقت ہے کہ تمام اسٹیک ہولڈرز، بشمول سیاسی جماعتیں، وفاقی حکومت، اور عوام، اس مثبت تحریک کا حصہ بنیں۔ بلوچستان کی خوشحالی نہ صرف صوبے کے لئے بلکہ پورے پاکستان کے لئے ناگزیر ہے۔ ایک مستحکم اور ترقی یافتہ بلوچستان ہی ایک مضبوط اور خوشحال پاکستان کی ضمانت ہے۔ امید ہے کہ یہ اقدامات ایک روشن اور خوشحال بلوچستان کی بنیاد رکھیں گے جہاں ہر شہری کو ترقی کے مساوی مواقع میسر آئیں گے۔

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 Dated 27 JUN 2025 Page No. 22


# 2 ماہ میں وزراء اپنے محکموں میں خالی آسامیوں پر بھرتیاں کریں

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کا بلوچستان اسمبلی میں بجٹ 2025/26 پر اختتامی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ 2 ماہ میں وزرا اپنے محکموں میں خالی آسامیوں پر بھرتیاں کریں جان جاتی ہے جائے میں کبھی دہشتگردوں کے سامنے سرنڈر نہیں کروں گا کسی بھی صورت میں بلوچستان کے عوام کو دہشتگردوں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑیں گے بلوچ قوم کو ایک لاحاصل جنگ کی طرف لے جا رہے ہیں یہ جنگ صرف خون، دہشت اور لاشوں کی سیاست ہے مالی سال کے دوران 100 فیصد بجٹ استعمال ہوا، اس مالی سال بھی 100 فیصد بجٹ استعمال کیا جائے گا تین ماہ میں غیر فعال اسپتالوں اور بی ایچ یوز کو فعال کریں گے آج 95 فیصد شاہراہیں کھلی ہیں دہشتگردی کے کسی واقعے میں شہید ہونے والے شہریوں کو 15 لاکھ سے بڑھا کر 25 لاکھ روپے کر دیا گیا ہے سیکیورٹی فورسز اور سرکاری افسران کے لیے کمپنسیشن 30 لاکھ سے بڑھا کر 40 لاکھ روپے کر دی گئی ہے میر سرفراز احمد بگٹی نے کہا ہے کہ اتحادیوں نے ہمیشہ رہنمائی کی اور ساتھ دیا، اپوزیشن نے اختلاف کیا لیکن ان کی سوچ بھی بجٹ کا حصہ ہے، اپنی حکومت کا دوسرا بجٹ پاس کروانے پر ایوان کا شکر گزار ہوں، وزیر اعظم شہباز شریف کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ہمیشہ بلوچستان کو ترجیح دی، افواج پاکستان نے ہمیشہ بلوچستان کی مدد کی، افواج پاکستان ہمیشہ بلوچستان حکومت کے ساتھ کھڑی رہیں جب بھی بلوچستان میں کرائسس آیا ہے تو آصف علی زرداری نے لبیک کہا ہے 4 چیزوں کے ذریعے بلوچستان کو آگے لے کر جائیں گے، بلوچستان کی گورننس کو لے کر ہر کوئی راگ الاپ رہا ہے، بلوچستان میں شدید قسم کا انتظامی بحران تھا، آج تمام ڈویژنز میں اسسٹنٹ کمشنر موجود ہیں، صوبہ بھر میں بند دفاتر کو کھولا جائے گا۔ 200 ارب میں پاکستان کو ترقی نہیں دی جا سکتی، پی ایس ڈی پی میں تبدیلیوں پر ساتھ دینے پر ارکان کا شکر گزار ہوں، گزشتہ مالی سال کے دوران 100 فیصد بجٹ استعمال ہوا، اس مالی سال بھی 100 فیصد بجٹ استعمال کیا جائے گا، عوام کو ترقیاتی منصوبوں میں [illegible]

نوجوانوں کو ریاست سے جوڑا جا سکے، گرائنڈ لیول پر جا کر عوام کی شکایت سنیں گے، اس سال 3200 بند اسکول کھولے گئے ہیں، دو ماہ میں وزرا اپنے محکموں میں خالی آسامیوں پر بھرتیاں کریں، تین ماہ میں غیر فعال اسپتالوں اور بی ایچ یوز کو فعال کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ آج 95 فیصد شاہراہیں کھلی ہیں، بلاجواز تجزیے بلوچستان کے حالات کو پیچیدہ بناتے ہیں، دہشت گرد رات کے اندھیرے میں وارداتیں کرتے ہیں، دہشت گرد دو گھنٹوں سے زائد واردات نہیں کر سکتے، اپنی فورسز کو جدید سہولیات سے لیس کر رہے ہیں، مانتے ہیں کہ بلوچستان کے حالات بہتر نہیں، سی ٹی ڈی کو مزید مضبوط کرنے کیلئے 20 ارب خرچ کریں گے، تمام سی ٹی ڈی تھانوں کو قلعوں میں تبدیل کریں گے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا ہے کہ دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے پراسیکیوشن کو مضبوط کریں گے، سزاؤں کی شرح بڑھائی جائے گی، نوجوانوں کو کاروبار کیلئے قرض دیں گے، بلوچستان کے ہر ضلع میں فروٹ منڈیاں، بس ٹرمینل بنانے جا رہے ہیں، 6 ارب کی لاگت سے لینڈ سیٹلمنٹ کریں گے، چاغی میں صنعتیں لگائیں گے اور 5 ارب کا سولر سسٹم لگایا جائے گا۔ انہوں نے اعلان کیا کہ کوئٹہ میں پیپلز ٹرین شٹل سروس شروع کریں گے، اپنی گیس کے استعمال کیلئے فرٹیلائزرز سیٹیز بنائیں گے، صوبے کے چار اضلاع میں میٹ پیکنگ پلانٹ بنائے جائیں گے، 164 یونٹس ایک ساتھ کھولنے جا رہے ہیں۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے میں 1200 نئے اسکول بنائے جائیں گے، نیشنل بینک کے ساتھ مل کر خواتین کو اسکوٹیز دیں گے، 10 ارب کی لاگت حب ماسٹر پلان کا کام شروع ہے، مختلف اضلاع میں شاہراتی منصوبے شروع کر رہے ہیں، ہر یونین کونسل میں واٹر فلٹریشن پلانٹ لگایا جائے گا اگلے تین ماہ کے اندر اندر غیر فعال ہسپتالوں کو فعال کرینگے انہوں نے کہا ہے کہ یوتھ کیلئے ملازمتوں کا بندوبست کرینگے اس مرتبہ 100 فیصد بجٹ خرچ ہوا ہے اس سال بھی پی ایس ڈی پی کو 100 فیصد خرچ کرینگے امن امان کی ذمہ داری ایک چیلنج ہی اپنے فورسز کو جدید خطوط پر استوار کر رہے ہیں اگلے سالوں کے ایک روڈ میپ دینا چاہتا ہوں ہمارے اہداف گڈ گورننس، امن وامان شامل ہیں گورننس موجود ہے اس میں بہتری لائی جائے گی گڈ گورننس کے حوالے سے ہر اک نے اپنا اپنا لاگ الاپا ہے، انتظامی کمزوریاں ہوتی ہیں، تمام ڈویژن میں کمشنر موجود ہیں نوکریوں پر جب تک بیوروکریسی میرٹ پر کام نہیں کرے گی گڈ گورننس نہیں آئے گی بیوروکریسی کو پروموٹ کیا جا رہا ہے سروس ڈیلیوری کو بہتری بنانے کے لئے سب کو کام کرنا ہوں تب بہتری آئے گی بلوچستان میں ایک سال میں 16 ہزار بھرتیاں کیں نوجوانوں کے گلے شکوں حکومت تک کیسے پہنچیں گے، اس کے لئے گرانٹ رکھی ہے وزرا 2 ماہ میں خالی اسامیاں پر کریں 3 ماہ غیر فعال بی ایچ یوز اور ہسپتالوں کو فعال کریں گے بلوچستان کو کم وسائل سے آگے نہیں لے جایا جا سکتا ہے اراکین قومی اسمبلی نے بجٹ میں تعاون کیا وعدہ کرتا ہوں نئے مالی سال میں بھی 100 فی صد پی ایس ڈی پی پر کام کریں گے بلوچستان کے دور دراز علاقوں کے لوگوں فائدہ پہنچائیں گے امن وامان بڑا چیلنج ہے جسکے لئے پورا پاکستان فکر مند ہے بلوچستان سے باہر رہنے والے صوبے کیا من وامان بارے میں تجزیے کر رہے ہوتے ہیں آج بلوچستان کی تمام شاہراہ کھلی ہوئی ہیں سیکورٹی فورسز پر اعتماد ہے، سڑکیں بند نہیں ہونے دیں گے صوبے میں بدامنی برداشت نہیں کریں گے پی فورسز کو جدید سہولیات فراہم کریں گے میڈیا بلوچستان کی درست پکچر پیش کریں دہشت گردی کے خلاف لڑی ریاست کی ہے جس میں حصہ لیں گے پراسیکیوشن کو بہتر بنائیں گے تاکہ دہشت گردوں کے خلاف موثر کاروائی ہو سکے اپنے اہداف کو پورا کرنے کے 74 ارب روپے کی رقم رکھی ہے انڈسٹریل محکمہ ساتھ ملکر یوتھ کو انٹرپرائز پروگرام کے تحت کاروبار کے مواقع دیں گے، سیف سٹی پروجیکٹ کو چلانے کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں سیف سٹی پروجیکٹ کے پی ڈی کو بدل رہے ہیں معدنیات ہمارا مستقبل ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 Dated 27 JUN 2025 Page No. 23

# بلوچستان اسمبلی نے آئندہ مالی سال کا بجٹ منظور کرلیا، صوبائی حکومت کے ترقیاتی اہداف سے مستقبل میں مسائل میں کمی کی توقع!

بلوچستان اسمبلی نے آئندہ مالی سال 26-2025 کے بجٹ کی منظوری دے دی۔ اسمبلی نے 896 ارب 47 کروڑ 46 لاکھ روپے سے زائد کے 94 مطالباتِ زر منظور کر لیے، بجٹ پر بحث سمیٹتے ہوئے وزیرِ اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بجٹ میں شامل اہم منصوبوں کا اعلان کیا۔ اسپیکر عبدالخالق اچکزئی کی زیرِ صدارت بلوچستان اسمبلی کے بجٹ اجلاس میں صوبائی وزیرِ خزانہ شعیب نوشیروانی نے نئے مالی سال کے بجٹ کے لیے مجموعی طور پر 94 مطالباتِ زر پیش کیے۔ ایوان نے غیر ترقیاتی اخراجات کے لیے 660 ارب 83 کروڑ 43 لاکھ روپے، جبکہ ترقیاتی اخراجات کے لیے 289 ارب 64 کروڑ روپے کے مطالباتِ زر کی منظوری دی۔ اپوزیشن اراکین نے مطالباتِ زر میں کٹوتی کی 11 تحریکیں پیش کیں جو رائے شماری کے ذریعے مسترد کر دی گئیں۔ بجٹ پر بحث سمیٹتے ہوئے وزیرِ اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بتایا کہ رواں مالی سال کے دوران 16 ہزار بھرتیاں کی گئیں، 3200 بند اسکولوں کو دوبارہ فعال کیا گیا، جبکہ ترقیاتی بجٹ کا 100 فیصد استعمال کیا گیا۔ آئندہ مالی سال کے دوران صوبے کے 10 شہروں میں سیف سٹی پروجیکٹ، چاغی میں انڈسٹریل اسٹیٹ کا قیام، کوئٹہ کے شہریوں کے لیے پیپلز ٹرین سروس اور ایک ماہ کے اندر پیپلز ایئر ایمبولینس شروع کرنے کا اعلان بھی کیا گیا۔ اسمبلی اجلاس میں بلوچستان میں امن و امان کی بحالی کے لیے وزیرِ اعلیٰ سرفراز بگٹی نے سی ٹی ڈی کو مضبوط بنانے کی غرض سے 20 ارب روپے مختص کرنے، صوبے کے 100 تھانوں کی از سرِ نو تعمیر کر کے انہیں قلعہ نما بنانے اور دہشت گردی کے واقعات میں شہید ہونے والے سرکاری و سول شہداء کے لواحقین کے لیے امدادی رقم میں اضافے کا اعلان کیا۔ بہر حال بلوچستان کا بجٹ دیگر صوبوں کی نسبت کم ہے بلوچستان کے محاصل میں اضافے سے مستقبل میں صوبہ اپنے بجٹ سے میگا منصوبوں کا آغاز کرنے سمیت مالی و انتظامی امور میں خاطر خواہ تبدیلی لا سکتی ہے۔ عوام کے بنیادی مسائل حل، روزگار کے وسیع مواقع، ملازمین کو ریلیف سمیت دیگر اقدامات اٹھائے جا سکیں گے۔ بلوچستان کے مسائل بہت زیادہ ہیں جن سے انکار نہیں کیا جا سکتا مگر یہ چند ماہ کے دوران حل نہیں ہو سکتے اس کیلئے لانگ ٹرم پالیسی کی ضرورت ہے جس میں معاشی ترقی، انفراسٹرکچر پر خصوصی توجہ ناگزیر ہے۔ بلوچستان کے وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے ترقیاتی اہداف کا حصول ممکن ہوگا مختلف شعبوں میں بیرونی اور حکومتی سرمایہ کاری بہت ضروری ہے تاکہ صوبے کو درپیش مشکلات سے نکالا جا سکے۔ حالیہ بجٹ میں جو اہداف مقرر کئے گئے ہیں اس سے صوبے میں ترقی سمیت عوامی مشکلات میں کمی آنے کے قوی امکانات ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 27 JUN 2025 Page No. 24

# A blazing scourge

Balochistan, confronting with tragic frequency, become a witness to horrific incidents of fire claiming precious lives. The recent past has painted a grim picture, with two devastating events underscoring a systemic vulnerability that demands immediate and decisive governmental intervention. The silence of sorrow now hangs heavy over the province, a stark reminder of lives lost to preventable infernos. Only a few months ago, the district of Noshki was engulfed in an unimaginable tragedy where 35 souls perished and many more suffered severe burn injuries in a catastrophic fire due oil tanker. The scale of that disaster sent shockwaves across the country, highlighting the precarious safety conditions on our roads. Yet, the echoes of that grief had barely begun to fade when, this past Tuesday, another horrifying incident unfolded in the Eastern bypass area of Quetta. Six individuals were burnt to death, and several others were injured, after a local passenger bus collided with a three-wheeler laden with petrol. Regrettably, such incidents are not isolated occurrences but a disturbingly common feature of Balochistan's highways. The root of this blazing scourge often lies in the unregulated transportation of highly flammable petrol from border areas. These vehicles, frequently three and two-wheelers, operate as mobile "time bombs," navigating our roads with perilous loads. The drivers, often untrained and lacking adherence to basic safety protocols for handling and transporting hazardous materials, turn these journeys into a gamble with human lives. A moment's carelessness, a minor miscalculation, or a simple lapse in judgment can and too often does ignite a chain reaction leading to immense destruction and unimaginable loss. The consequences extend beyond the immediate fatalities and injuries; they leave behind shattered families, economic hardship, and a pervasive sense of insecurity among commuters and residents alike. It is abundantly clear that the current approach is insufficient. The government must, with utmost urgency, formulate and implement a robust plan to address this grave issue. This plan needs to be multi-faceted: it must include strict enforcement against the illicit transport of petrol, comprehensive training and licensing for drivers handling hazardous materials, designated safe routes for such transport, and stringent penalties for violations. Furthermore, there is a dire need for public awareness campaigns to highlight the dangers involved and to foster a culture of safety. The lives lost in Noshki and Quetta are not mere statistics; they represent families torn apart and futures extinguished. Balochistan cannot afford to witness another such tragedy. The time for deliberation is over; the time for decisive action to secure our roads and protect our citizens from these preventable disasters is now.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6 — Dated: 27 JUN 2025 — Page No. 25


بلوچستان بجٹ
2025/26

## سرفراز بگٹی کی قیادت میں ایک نیا سفر، امیدوں کا نیا افق



بلوچستان کے سالانہ بجٹ 26/2025 کی پیشکش محض مالیاتی منصوبہ بندی کا مرحلہ نہیں بلکہ ایک عہد، ایک وژن اور ایک غیر متزلزل قیادت کی داستان ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر

تحریر، شیخ عبدالرزاق

سرفراز بگٹی نے صرف بجٹ نہیں دیا بلکہ اس کے ساتھ ایک بیانیہ، ایک نظریہ اور ایک شعور قوم کے سامنے رکھا۔ ان کا بجٹ پر بحث سمیٹنے والا خطاب نہ صرف جذبات سے لبریز تھا بلکہ حکمت عملی، راست فکری اور قومی احساس ذمہ داری کا عکاس بھی تھا۔ یہ بجٹ اس بلوچستان کے لیے ہے جو دہائیوں سے احساس محرومی، بدامنی اور پسماندگی کا شکار رہا۔ مگر اب، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں یہ صوبہ اعتماد، ترقی اور قانون کی حکمرانی کی راہ پر گامزن ہے۔ ان کا واضح مؤقف کہ ''ہم اپنے عوام کو دہشتگردوں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑیں گے'' اس پالیسی کا نچوڑ ہے جس میں نرم خوئی کی گنجائش ان دشمنوں کے لیے نہیں جو بلوچ قوم کو خون کی دلدل میں دھکیلنا چاہتے ہیں انہوں نے ریاستی رٹ کو ہر قیمت پر بحال رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا اور یہ ثابت کیا کہ بلوچستان کی قیادت اب صرف ردعمل نہیں بلکہ فیصلہ سازی کی قوت بھی رکھتی ہے۔ بجٹ کی روح وہ وژن ہے جو ہر شہری کو ایک بہتر مستقبل کی نوید دیتا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے تعلیم، صحت، روزگار، امن وامان اور بنیادی شہری سہولیات کے شعبوں کو جس ترجیح کے ساتھ اپنی تقریر میں اجاگر کیا، وہ ان کے دردمند دل اور عوامی فلاح کے عزم کا ثبوت ہے۔ 3200 بند اسکولوں کی بحالی، بنیادی صحت مراکز کی فعالیت، ہزاروں نئی بھرتیاں، بے روزگار نوجوانوں کے لیے باوقار روزگار، اور یوتھ پالیسی جیسے اقدامات ان کی حکومت کا عملی اظہار ہیں۔ وہ صرف تقریریں نہیں کرتے، نتائج دکھاتے ہیں۔ یہی وہ فرق ہے جو میر سرفراز بگٹی کو روایتی سیاستدانوں سے ممتاز کرتا ہے ان کی پالیسیوں میں شفافیت، بروقت عمل درآمد اور احتساب کا نظام شامل ہے۔ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ 100 فیصد ترقیاتی بجٹ کا استعمال اس تبدیلی کی جیتی جاگتی مثال ہے جو وہ لانا چاہتے ہیں۔ یہی نہیں، رواں مالی سال میں بھی اس تسلسل کو برقرار رکھنے کا اعلان، اور تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن کا نفاذ اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ میر سرفراز بگٹی کی نگاہ مستقبل پر ہے اور وہ کسی ابہام یا تاخیر کے قائل نہیں۔ ان کی تقریر صرف بجٹ کا خلاصہ نہ تھی، بلکہ ایک رہنما کی صدائے دل تھی جو بلوچستان کی ماؤں، بچوں، مزدوروں، طالبعلموں اور شہداء کے لواحقین سے براہ راست مخاطب تھی۔ ان کے الفاظ میں وہ دکھ شامل تھا جو ایک بے بس ماں کو اپنے شوہر اور بیٹے کی لاشوں کے درمیان ایک چادر کے انتخاب میں محسوس ہوتا ہے۔ یہ وہ لمحہ ہے جو ان کے عزم کو تقویت دیتا ہے، انہیں خاموشی پر لعنت بھیجنے پر مجبور کرتا ہے اور انہیں اس راہ پر گامزن رکھتا ہے جہاں ریاستی رٹ، انسانی وقار اور امن کی بحالی اولین مقصد ہو۔ امن وامان کے لیے ان کی سنجیدگی اور تیاری مثالی ہے۔ سی ٹی ڈی کو جدید اسلحہ سے لیس کرنا، چیک پوسٹوں کی ازسر نو تعمیر، قانون سازی، اور پراسیکیوشن نظام میں بہتری وہ عملی اقدامات ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ دہشتگردی کے خلاف صرف بیانات پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ ہر میدان میں لڑنے کا عزم رکھتے ہیں۔ بجٹ میں شامل فلیگ شپ منصوبے جیسے کہ انٹرپرائز ڈویلپمنٹ پروگرام، سیف سٹی پراجیکٹس، شمسی توانائی، صنعتی زونز، پیپلز ٹرین سروس، پنک اسکوٹی اسکیم، اسکالرشپ فنڈ، اور ایئر ایمبولینس وغیرہ اس بات کی علامت ہیں کہ بلوچستان اب صرف بقا کی جنگ نہیں لڑ رہا بلکہ معاشی، تعلیمی اور عمرانی ترقی کی دوڑ میں شامل ہو چکا ہے۔ میر سرفراز بگٹی کی ایک اور خوبی یہ ہے کہ وہ مالیاتی نظم وضبط کو عوامی ہمدردی کے ساتھ جوڑنا جانتے ہیں۔ کوئی نیا ٹیکس عائد نہ کرنا، بلکہ کچھ موجودہ ٹیکسز میں کمی کرنا ان کی اس بصیرت کا نتیجہ ہے جو معاشی دباؤ میں زندگی گزارنے والے عام شہری کی نبض پر ہاتھ رکھتی ہے۔ شہداء کے لیے معاوضوں میں اضافہ، پلاٹ کی قیمت بڑھانا، اور ان کی قربانیوں کا ادراک ریاستی وفاداری اور اخلاقی دیانت کا آئینہ دار ہے یہ بجٹ کسی مغلوب حکومت کا نہیں بلکہ ایک باوقار اور فعال ریاست کا بجٹ ہے۔ ایک ایسا بجٹ جو خواب بھی دکھاتا ہے اور ان کی تعبیر کا نقشہ بھی پیش کرتا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جس انداز میں دشمنوں کو للکارا، عوام کو حوصلہ دیا اور ترقی کا خاکہ کھینچا، وہ اُن کے سیاسی وژن، انتظامی مہارت اور قومی جذبے کا حسین امتزاج ہے انہوں نے اپنے خطاب کا اختتام اشفاق سبقت کی نظم سے کیا۔ اشعار میں جو للکار، احتجاج اور حق گوئی تھی، وہی لہجہ ان کی ذات کا عکس ہے "ہم لوگ اناالحق بولیں گے، ہم لوگ اناالحق بولیں گے" یہ وہ بجٹ ہے جس میں میر سرفراز بگٹی کی آواز صرف ایک حکمران کی نہیں بلکہ ایک عاشق وطن، ایک ذمہ دار فرزندِ بلوچستان اور ایک بے خوف سپاہی کی آواز ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ یہ بجٹ ان کے لیے ایک زینہ ہے، منزل نہیں۔ اور واقعی، اگر یہی سفر برقرار رہا، تو وہ دن دور نہیں جب بلوچستان صرف رقبے کا سب سے بڑا نہیں، ترقی، خوشحالی اور امن کا سب سے روشن صوبہ بھی ہوگا یہ بجٹ امیدوں کا سنگ میل ہے، اور میر سرفراز بگٹی وہ چراغ ہیں جو اندھیروں میں روشنی کی ضمانت ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 27 JUN 2025

Page No.




صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ سے چیف انجینئر ناصر مجید اور ایلسین گل حسن کھوسہ حیردین ڈرینج کے حوالے سے گفتگو کررہے ہیں



کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی، مصلح الدین مینگل، حافظ رحمت اللہ نیازئی، امبرین مینگل ودیگر خطاب کررہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ________ Dated: 27 JUN 2025 Page No. ________



آئی جی پولیس معظم جاہ انصاری ودیگر سینئر افسران کا ڈی آئی جی رینک پر ترقی پانیوالوں کے ہمراہ گروپ

MASHRIQ QUETTA



آئی جی پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری اور ایڈیشنل آئی جی پولیس محمد سعید وزیر ترقی پانے والے افسران کو ڈی آئی جی کے رینک لگا رہے ہیں

CamScanner